E-mail dailyshamal1991@gmail.com
dailyshamal.com.pk
A.B.C CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — صوبے بھر میں سب سے زیادہ فروخت ہونے والا اخبار
The Daily SHAMAL ABBOTTABAD
روزنامہ شمال ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
بیاد نیاز پاشا جدون
جلد نمبر 37 | جمعۃ المبارک 05 ربیع الثانی 1448ھ 18 ستمبر 2026ء 2083ب | صفحات 4 | قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 192

ایوب ٹیچنگ ہسپتال کے ڈاکٹرز کا احتجاج 12ویں روز بھی جاری

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کے ڈاکٹرز کا احتجاج 12ویں روز بھی جاری رہا۔ ڈاکٹرز نے اپنے مطالبات کی منظوری تک احتجاجی سلسلہ جاری رکھنے کا اعلان کیا ہے۔ احتجاج کے باعث ہسپتال آنے والے مریضوں اور ان کے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 1)

ملک بھر میں سمارٹ لاک ڈاؤن، کاروباری سرگرمیوں کے اوقات مقرر

مارکیٹس، شاپنگ مالز اور جنرل اسٹورز 9 بجے تک، میرج ہالز 10 اور ریسٹورنٹس سمیت فوڈ آؤٹ لیٹس 11 بجے تک کھلے رہیں گے، باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) ملک میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ، تمام دوکانیں مارکیٹس شاپنگ مال بازار ڈیپارٹمنٹل سٹورز جنرل سٹور رات 9 بجے تک کھلے رہیں گے، میرج ہالز مارکیز اور کمرشل جگہیں رات 10 بجے تک جبکہ ریسٹورنٹس کیفے فوڈ آؤٹ لیٹس فروٹ وسبزی دوکانیں رات 11 بجے تک کھلی رہیں گی، نوٹیفکیشن جاری، خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے باعث ملک بھر میں سمارٹ لاک ڈاؤن نافذ کر دیا گیا ہے جس کا باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کر دیا گیا ہے ذرائع کے مطابق سمارٹ لاک ڈاؤن کے دوران تمام دکانیں و مارکیٹیں، شاپنگ مالز و بازار، ڈیپارٹمنٹل اسٹور اور جنرل سٹورز رات 9 بجے تک کھلیں (بقیہ صفحہ 2 نمبر 2)

ایبٹ آباد سکندر آباد مبینہ زیادتی کیس میں ملزم ضمانت پر رہا

عدالت میں وکیل صفائی کے دلائل، میڈیکل رپورٹ میں مبینہ زیادتی کے شواہد نہ ملنے کا مقف، ایڈیشنل سیشن جج نے ضمانت منظور کر لی

ایبٹ آباد (وقاص باکسر سے) میڈیکل رپورٹ میں سگی بھانجی کے ساتھ زیادتی کا کیس جھوٹا ثابت ہوگیا۔ چند روز قبل سکندر آباد پولیس نے بچی سے مبینہ زیادتی کے مقدمہ میں نامزد ملزم عمر ندیم ولد ندیم، سکنہ نزد عائشہ مسجد نڑیاں، کو گرفتار کیا تھا۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال میں بچی کا طبی معائنہ کروایا گیا تو زیادتی کا الزام جھوٹا ثابت ہو گیا۔ ملزم نے عارف صدیق ایڈوکیٹ کی وساطت سے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 4)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس ایبٹ آباد امان اللہ سعید کا ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کے دورے کے موقع پر کمیٹی کے ممبران کے ہمراہ

پستول سے کھیلتے ہوئے کمسن بچے سے گولیاں چل گئیں دو شدید زخمی

تھانہ بفہ کی حدود اچھڑیاں میں گھر میں پڑے پستول سے بچہ کھیل رہا تھا زد میں دو بھائی آ گئے

شنکیاری (ڈپٹی بیورو چیف) تھانہ بفہ کی حدود اچھڑیاں گھر میں پڑے پستول سے کھیلتے ہوئے کمسن بچے سے گولیاں چل گئیں گھر میں موجود دو بھائی گولیوں کی زد میں آ کر شدید زخمی ہو گئے۔ مانسہرہ (چیف رپورٹر) اچھڑیاں باپ کے پستول سے کھیلتے ہوئے دو بچے گولیوں کا نشانہ بن گئے تفصیلات کے مطابق تھانہ بفہ کی حدود اچھڑیاں میں فضل شاہ کے دو کم سن (بقیہ صفحہ 2 نمبر 3)

وادی منور میں آسمانی بجلی گرنے سے دو بہنیں جاں بحق

آسمانی بجلی گرنے سے قریبی ایک دوسرے مکان کو بھی نقصان پہنچنے کی اطلاع ہے، واقعے کے بعد علاقے میں افسوس اور تشویش کی فضا پائی جاتی ہے، متاثرہ خاندانوں کو ضروری امداد اور سہولیات فراہم کرنے کا عوامی مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) بالاکوٹ میں آسمانی بجلی گرنے سے دو بہنیں جاں بحق، تین افراد زخمی ہو گئے، واقعہ تحصیل بالاکوٹ کے علاقے وادی منور (کوٹکے سیریاں) میں پیش آیا، تفصیلات کے مطابق تحصیل بالاکوٹ کی یونین کونسل مہانڈری وادی منور کے علاقے () کوٹکے سیریاں) میں آسمانی بجلی گرنے کے افسوسناک واقعے کے نتیجے میں دو بہنیں جاں بحق جبکہ تین افراد زخمی ہو گئے مقامی ذرائع کے مطابق علاقے میں شدید موسمی صورتحال کے دوران آسمانی بجلی ایک مکان پر گری جس کے نتیجے میں 17 سالہ (س) دختر عبدالشکور اور 10 سالہ سدرہ دختر عبدالشکور جاں بحق ہو گئیں واقعے میں علیمہ بی بی اور منظور ولد فرزمان کے علاوہ (م) زوجہ منظور بھی زخمی ہوئے زخمیوں کو فوری طور (بقیہ صفحہ 2 نمبر 5)

DEO گورنمنٹ ہائی سکول منگلور کا اچانک دورہ

بفہ (نیوز رپورٹر) ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مانسہرہ زاہد حسین جدون نے گزشتہ روز گورنمنٹ ہائی سکول منگلور کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈی ای او نے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 6)

وقاص انور قتل کیس، بھائی کی مدعیت میں تھانہ بفہ مقدمہ درج

عدنان و اجمان پسران فضل حسین اور احمد علی عرف جگر ولد عدنان ملزمان نامزد

مانسہرہ (چیف رپورٹر) وقاص انور قتل کیس، مقتول کے بھائی سہیل انور کی مدعیت میں تھانہ بفہ مقدمہ درج کر لیا گیا تھانہ بفہ میں درج ایف آئی آر میں مقتول وقاص انور کے بھائی نے وقاص انور کو فائرنگ کر کے قتل کرنے اور احسان، عزیز اور عبداللہ کو زخمی کرنے پر عدنان و اجمان پسران فضل (بقیہ صفحہ 2 نمبر 7)

اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی بڑی کارروائی: کرپٹ پٹواری گرفتار

ایبٹ آباد (نمائندہ شمال) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی بڑی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 15)

اوگی میں دو موٹر سائیکلیں آپس میں ٹکرا گئیں، 4 افراد زخمی

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد اوگی ہسپتال منتقل کر دیا گیا

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) اوگی کے علاقے منچورا پٹرول پمپ کے قریب دو موٹر سائیکلوں کے درمیان تصادم کے نتیجے میں چار افراد زخمی (بقیہ صفحہ 2 نمبر 13)

حرمین شریفین کے تقدس کے تحفظ کیلئے ہر قربانی کو تیار ہیں

دفاع ایمان کا حصہ ہے، ملک بھر سے عوامی و سماجی حلقوں کا روزنامہ شمال سے رابطہ

بجنہ (نامہ نگار) حرمین شریفین کے تقدس اور حفاظت کے لیئے ہر مسلمان اپنی جان نچھاور کرنے کو تیار ہے۔ یہ بات ملک بھر سے عوامی، سماجی اور (بقیہ صفحہ 2 نمبر 11)

پاکستان ترقی کی شاہراہ پر گامزن، مرتضیٰ جاوید عباسی

حویلیاں (نمائندہ شمال) قائد مسلم لیگ ن میاں محمد نواز شریف کی قیادت میں پاکستان ترقی کی شاہراہ پر گامزن ہو (بقیہ صفحہ 2 نمبر 9)

نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام پر وفاقی وزرا کی ملاقات

صوبہ ہزارہ کی حمایت پر سردار یوسف کا عبدالعلیم خان سے اظہار تشکر

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے خیبر پختونخوا میں صوبہ ہزارہ کے قیام کی حمایت پر وفاقی وزیر مواصلات وصدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سردار محمد یوسف نے عبدالعلیم خان سے ملاقات (بقیہ صفحہ 2 نمبر 8)

ہزارہ پولیس افسران و جوانوں کے مسائل قواعد کے مطابق حل کیے جائیں گے

پولیس فورس کو جدید ٹیکنالوجی سے لیس کرنے اور عوام کو آسان خدمات کی فراہمی کیلئے اقدامات جاری ہیں، ڈی آئی جی ناصر محمود ستی

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ڈی آئی جی ہزارہ ناصر محمود ستی نے کہا ہے کہ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کی سربراہی میں پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود اور ان کے پیشہ ورانہ و ذاتی مسائل کے حل کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ پولیس فورس کو جدید (بقیہ صفحہ 2 نمبر 14)

ہزارہ ڈویژن سمیت خیبر پختونخوا میں بارشوں کا الرٹ

18 ستمبر تک بارشوں کا سلسلہ جاری رہنے کا امکان، احتیاطی تدابیر کی ہدایت

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) ہزارہ ڈویژن سمیت خیبر پختونخوا کے مختلف علاقوں میں آئندہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش اور بالائی علاقوں میں گرج چمک کے ساتھ بارش کی پیشگوئی کرتے ہوئے محکمہ موسمیات نے الرٹ جاری کر دیا، بارشوں کا (بقیہ صفحہ 2 نمبر 12)

پٹرولیم قیمتوں میں مسلسل اضافہ، مہنگائی نے عوام کی کمر توڑ دی، پارہ بھی چڑھا دیا

مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر میں شہری سراپا احتجاج، ٹرانسپورٹ کرایوں میں اضافے پر بھی تشویش، پٹرول و ڈیزل کے نرخ کم کرنے کا مطالبہ

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ ہوشربا اضافہ، مہنگائی بھی بڑھنے لگی، عوام کے صبر کا پیمانہ لبریز، پارہ چڑھ گیا، ٹرانسپورٹ کرایوں میں بھی اضافہ، ڈیزل پٹرول کی قیمتیں فوری کم کی جائیں، لوگ سراپا احتجاج، شہری عوامی مسافر اور ٹرانسپورٹ حلقوں کا حکومت سے پٹرولیم مصنوعات و دیگر چیزوں کی قیمتیں فوری کم کرنے کا مطالبہ، تفصیلات کے مطابق حکومت کی طرف (بقیہ صفحہ 2 نمبر 10)

وفاقی وزرا سردار محمد یوسف و عبدالعلیم خان نئے صوبوں کے قیام کے حوالے سے بات چیت کر رہے ہیں

ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کے ڈاکٹرز کا احتجاج 12ویں روز بھی جاری

صوبائی وزیر توانائی نذیر عباسی ہزارہ ڈویژن میں تحریک سٹریٹ موومنٹ کے سلسلہ میں عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

ایبٹ آباد' پولیس دربار سے ڈی آئی جی ہزارہ خطاب کر رہے ہیں

شنکیاری میں گرلز سکولز کے باہر چھٹی کے وقت پولیس تعینات

ڈی پی او مانسہرہ کا نوٹس، طالبات کے تحفظ اور محفوظ آمدورفت یقینی بنانے کی ہدایت

شنکیاری (نامہ نگار) عوامی شکایات اور طالبات کے تحفظ کے پیش نظر ڈی پی او مانسہرہ محمد اظہر خان نے فوری نوٹس لیتے ہوئے شنکیاری کے گرلز سکولز کے باہر چھٹی کے (بقیہ صفحہ 2 نمبر 16)

حرمین کی حفاظت کسی ایک ملک، کسی ایک جماعت کا مسئلہ نہیں

یہ ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے ایمان کا مسئلہ ہے حرمین شریفین محض دو شہر نہیں، معاویہ اعظم طارق

حویلیاں (نمائندہ شمال) حرمین کی حفاظت کسی ایک ملک، کسی ایک جماعت کا مسئلہ نہیں، یہ ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے ایمان کا مسئلہ ہے حرمین شریفین محض دو شہر نہیں، (بقیہ صفحہ 2 نمبر 17)

صوبہ ہزارہ قومیت نہیں، انتظامی بنیادوں پر چاہتے ہیں: بیرسٹر قاسم

نئے صوبے سے بہتر حکمرانی اور بنیادی سہولیات کی فراہمی ممکن ہوگی

مانسہرہ (تحصیل جنرل رپورٹر + ڈسٹرکٹ نامہ نگار) صوبہ ہزارہ قومیت یا لسانی بنیادوں پر نہیں بلکہ انتظامی بنیادوں پر بننا چاہتے ہیں، ہزارہ کے عوام کو ان کا حق (بقیہ صفحہ 2 نمبر 18)

اشیاء ضروریہ کی من مانی قیمتوں پر فروخت دھڑلے سے جاری

عوامی نمائندے مہنگائی اور بیروزگاری پر آواز اٹھائیں، قاری راشد محمود

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر) سینئر سیاسی رہنما سابق ممبر ضلع کونسل ایبٹ آباد کنزیومر پروٹیکشن فورم کے چیئرمین قاری راشد محمود نے کہا ہے کہ حکومت کی طرف (بقیہ صفحہ 2 نمبر 19)

اوگی' منچورہ موٹر سائیکل حادثہ میں زخمی ہونے والے افراد کو طبی امداد دی جا رہی ہے

پی ٹی آئی مانسہرہ، 27 ستمبر احتجاج کی تیاریاں عروج پر

مختلف شہروں میں پارٹی رہنماؤں و کارکنوں کے درمیان رابطے و مشاورت کا عمل جاری

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) پی ٹی آئی مانسہرہ، 27 ستمبر احتجاج کی تیاریاں، مانسہرہ سے بڑے کارواں کی شرکت متوقع، مختلف شہروں میں پارٹی رہنماں و کارکنوں کے درمیان (بقیہ صفحہ 2 نمبر 20)

کمشنر ہزارہ شاہد اللہ خٹک ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

لنک روڈ پر جسم فروشی کے اڈے چلنے لگے، پولیس گشت کا مطالبہ

ملائی ہوٹل کے قریب مشکوک سرگرمیوں اور کرایہ داری قوانین کی خلاف ورزیوں کی اطلاعات

ایبٹ آباد (کرائم رپورٹر) ایبٹ آباد تھانہ کینٹ کی حدود لنک روڈ نزد ملائی ہوٹل کے پاس جسم فروشی کے اڈے چلنے لگے پنجاب سیی ہوی بھکاری خواتین (بقیہ صفحہ 3 نمبر 1)

ایوب ٹیچنگ ہسپتال کی ایم آر آئی مشین دو ماہ سے خراب، مریض مشکلات کا شکار

آکسیجن پر زیر علاج مریضوں کو ایم آر آئی کیلئے باہر منتقل کرنے پر تشویش، فوری مرمت کا مطالبہ

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایوب ٹیچنگ ہسپتال ایبٹ آباد کی ایم آر آئی مشین گزشتہ تقریباً دو ماہ سے خراب ہونے کے باعث مریضوں کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ذرائع کے مطابق ہسپتال میں آکسیجن پر زیرِ علاج مریضوں کو ایم آر آئی ٹیسٹ کیلئے سٹریچر پر ہسپتال سے باہر لے جانا پڑتا ہے، جس پر مریضوں اور ان کے لواحقین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ مریضوں کے لواحقین نے متعلقہ حکام سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 14)

کرکالا، 3 بھائیوں کے قتل کیس، ملزمان کی ہائی کورٹ سے ضمانت خارج

واقعے کے مقدمے میں نامزد ملزمان کو پولیس نے فوری گرفتار کر لیا تھا جس کے بعد ملزمان نے مانسہرہ سیشن کورٹ میں ضمانت لگوائی

تناول (عبدالقدیر اعوان سے) مانسہرہ کے علاقے کرکالا میں تین بھائیوں کے قتل کا معاملہ ملزمان کی ضمانتیں ہائی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 13) پھلڑہ (محمد سعید سے) مانسہرہ کے علاقہ کرکالا کے رہائشی تین کوہستانی بھائیوں کے قتل کا معاملہ ملزمان کی ضمانتیں ہائی کورٹ سے خارج، مدعیان کے وکیل عبدالمالک خان ایڈووکیٹ کے مؤثر دلائل مانسہرہ کے تھانہ لاری اڈہ کی حدود کرکالا میں تین بھائیوں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 12)

پٹرولیم قیمتوں اور لیوی ٹیکس کے خلاف جماعت اسلامی کا دھرنا جاری

ٹاؤن شپ میں احتجاج، مقررین کا پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی اور اضافی ٹیکسز کے خاتمے کا مطالبہ

مانسہرہ (نمائندہ شمال) پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے اور لیوی ٹیکس کے خلاف جماعت اسلامی ضلع مانسہرہ کے زیر اہتمام ٹاؤن شپ میں گزشتہ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 2)

پیٹرولیم ڈیلرز کا ریلیف اسکیم کے طریقے پر صاف اعتراض

ریلیف اسکیم کے طریقہ کار پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پیٹرول دینے سے انکار

ہریپور (نامہ نگار) پیٹرولیم ڈیلرز کا ریلیف اسکیم کے طریقے پر اعتراض، اسکیم پر پیٹرول دینے سے انکار، پاکستان پیٹرولیم ڈیلرز ایسوسی ایشن نے ریلیف اسکیم (بقیہ صفحہ 3 نمبر 3)

تھاتھی چھتر ناتھ کی اہم رابطہ سڑک ٹریفک کیلئے بند، عوام سراپا احتجاج

پاکستان مسلم لیگ کے ضلعی صدر ملک مہابت اعوان تحصیل صدر ایبٹ آباد خرم خان جدون و دیگر کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

بفہ' بچوں کی لڑائی بڑوں تک پہنچ گئی، فائرنگ سے نوجوان جاں بحق

موٹر سائیکل اوور ٹیک کرنے پر جھگڑا، 3 نوجوان زخمی، 3 افراد کے خلاف مقدمہ درج

بفہ (خبر نگار) بچوں کی لڑائی میں بڑے کود پڑے آہنی راڈز، ڈنڈوں اور فائرنگ کے آزادنہ استعمال سے علاقہ میدان جنگ بنا رہا بیچ بچا کرتے ہوئے ایک (بقیہ صفحہ 3 نمبر 4)

نتھیا گلی روڈ پر 25 سال بعد تارکول بچھانے کا کام شروع

سڑک کی تعمیر و بحالی سے سیاحت کو فروغ ملنے کی امید، شہریوں کا اظہارِ تشکر

ایبٹ آباد (نامہ نگار) فرنٹیئر ہائی وے اتھارٹی کی جانب سے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 5)

ہریپور، جعلی شناختی کارڈ رکھنے والے افغان شہریوں کو حتمی وارننگ

ڈیٹا محفوظ، جعلی کارڈ واپس نہ کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کا امکان

ہریپور (نامہ نگار) ہریپور، جعلی شناختی کارڈ رکھنے والے افغان مہاجرین کیلئے حتمی وارننگ، سابق ناظمین سمیت سی بڑے بڑے سیاسیوں کی گرفتاریاں متوقع، (بقیہ صفحہ 3 نمبر 6)

سرائے نعمت خان میں پاک فوج کی طرف سے بھرتی کیمپ کا انعقاد

سرائے نعمت خان (ڈاکٹر ساجد اعوان) سرائے نعمت خان میں پاک فوج کی طرف سے بھرتی کیمپ کا انعقاد ضلع بھر سے نوجوانوں کی پاک فوج میں بھرتی کے لیے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 10)

غیر قانونی منی اڈوں اور سکول بچوں کی اوورلوڈنگ کے خلاف کارروائی

ٹریفک پولیس کا منڈیاں میزائل چوک تا کمپلیکس آپریشن، ڈرائیوروں کو عملدرآمد کی ہدایت

ایبٹ آباد (نامہ نگار) ایس ایس پی ٹریفک ایبٹ آباد محمد اشتیاق کی ہدایت پر انسپکٹر ٹریفک وسیم خان کی زیرنگرانی ٹریفک پولیس نے منڈیاں میزائل چوک سے کمپلیکس تک غیر قانونی منی اڈوں اور اوورلوڈنگ کے خلاف کارروائی کی۔ کارروائی کے دوران شاہراہوں پر قائم غیر قانونی منی اڈوں کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے ٹریفک کی روانی میں رکاوٹ (بقیہ صفحہ 3 نمبر 9)

پٹرول 6.88، ڈیزل 5.62 روپے فی لیٹر مزید مہنگا

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) مہنگا ڈیزل پٹرول مزید مہنگا، ڈیزل کے ریٹ میں 5 روپے 62 پیسے فی لیٹر جبکہ پٹرول کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 16)

مانسہرہ؛ ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے انتظامات کا جائزہ لیا گیا

ڈپٹی کمشنر خالد اقبال کی زیرِ صدارت اجلاس، پرامن اور شفاف انعقاد کیلئے لائحہ عمل پر غور

مانسہرہ (نامہ نگار) صوبائی حکومت کی ہدایات کی روشنی میں ڈپٹی کمشنر مانسہرہ خالد اقبال کی زیر صدارت ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے انتظامات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر، ریسکیو 1122 اور خیبر (بقیہ صفحہ 3 نمبر 15)

جبوڑی' غیر قانونی لکڑی سے لدی سوزوکی کیری پکڑی گئی

اینٹی اسمگلنگ مہم کے دوران کارروائی، گاڑی اور لکڑی سرکاری تحویل میں لے کر قانونی کارروائی شروع

پھلڑہ (نمائندہ شمال) اینٹی اسمگلنگ مہم کے دوران کامیاب کارروائی حکومت خیبر پختونخوا اور سیکرٹری فاریسٹ خیبر پختونخوا کی ہدایات پر جاری اینٹی (بقیہ صفحہ 3 نمبر 11)

ہری پور میں ایم ڈی کیٹ امتحانات کیلئے فول پروف انتظامات کی ہدایت

ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کی زیرِ صدارت اجلاس، سکیورٹی و ٹریفک پلان کا جائزہ

ہری پور (نامہ نگار) ڈپٹی کمشنر ہری پور اصلاح الدین اور ڈی پی او شفیع اللہ گنڈا پور کی زیرِ صدارت ایم ڈی کیٹ امتحانات کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد (بقیہ صفحہ 3 نمبر 8)

تھاتھی چھتر ناتھ کی اہم رابطہ سڑک ٹریفک کیلئے بند، عوام سراپا احتجاج

محکمانہ غفلت کے باعث آمدورفت معطل، شہریوں کا فوری بحالی کا مطالبہ

ایبٹ آباد (نامہ نگار) تھاتھی چھتر ناتھ کی اہم رابطہ سڑک ٹریفک کے لیے مکمل بند ہونے سے علاقہ مکینوں کو شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ سڑک کی بندش کے (بقیہ صفحہ 3 نمبر 7)

ضلع بھر کے سرکاری و نجی ہسپتالوں کا سیفٹی آڈٹ کرانے کا فیصلہ

ہر تحصیل میں ٹیمیں تشکیل، حفاظتی اقدامات اور آلات کا ڈیٹا صوبائی حکومت کو بھجوانے کی ہدایت

ایبٹ آباد (نامہ نگار) حکومت خیبر پختونخوا اور سیکرٹری صحت کے اعلامیہ کی روشنی میں ضلع بھر کے سرکاری و غیر سرکاری صحت مراکز اور ہسپتالوں میں (بقیہ صفحہ 3 نمبر 17)

ایبٹ آباد غیر قانونی منی اڈوں اور سکول بچوں کی اوورلوڈنگ کے خلاف کارروائیاں

پھلڑہ وحید انجم خان شہید راشد کے والد سے تعزیت کر رہے ہیں

ڈی ای او فی میل ایبٹ آباد کی کھلی کچہری، شہریوں کے مسائل سنے

تھانہ حویلیاں میں اشتہاری مجرم سردار سفیر کو گرفتار کر کے پابندِ سلاسل کر دیا

روزنامہ
شمال
ایبٹ آباد

ایڈیٹر
خرم شہزاد جدون
فون نمبر 0345-9541220

روزنامہ شمال، ایبٹ آباد، سوات، مظفر آباد، کراچی سے بیک وقت شائع ہوتا ہے۔ ہزارہ (شمال) میں شمال کی فروخت تمام علاقائی اور قومی اخبارات کی مجموعی تعداد سے زیادہ ہے

روزنامہ شمال، خیبر پختونخواہ، پنجاب اور سندھ میں وہاں کے کئی قومی اخبارات سے بھی زیادہ فروخت ہوتا ہے

نیاز پاشا جدون پرنٹر و پبلشر نے پاشا پرنٹنگ پریس سے چھپوا کر ایبٹ آباد سے شائع کیا

سروے | گیلپ۔ این آر سی۔ آئی سی ایل

ایبٹ آباد ہیڈ آفس
پلاٹ نمبر A-6 سمال انڈسٹریل اسٹیٹ، ایبٹ آباد
فون نمبر 0992-385577
موبائل نمبر 0311-8185558
E-mail:dailyshamal1991@gmail.com
website:shamal.com.pk

سوات
حاجی بابا چوک مینگورہ سوات
0946-711788

مظفر آباد
عقب جی پی او زدایوان صدر مظفر آباد
05822-446938

کراچی
امبر میڈیکل سنٹر پلازہ وزڈ کاٹھے والا موٹرز فورتھ فلور ایم اے جناح روڈ کراچی
فون نمبر: 021-2762266-2762241
E-mail:
shamalkarachi@yahoo.com

راولپنڈی / اسلام آباد
حاجی وحید الزمان
03345008600

مانسہرہ بیورو
شہزاد جہانگیری
فون نمبر: 0300-8111316

ہری پور بیورو
0315-5906226
جاوید عباسی
ایس پی آفس، مرکز روڈ بالمقابل پائلٹ سکول گیٹ نمبر 2 ہری پور

تناول بیورو چیف
0343-9555768
عبدالقدیر

جمعۃ المبارک 05 ربیع الثانی 1448ھ 18 ستمبر 2026ء 2083ب

ہزارہ کے عوام بجلی، گیس، مہنگائی اور ٹوٹی سڑکوں کے درمیان

ہزارہ خطہ قدرتی وسائل، پانی، جنگلات، معدنیات اور سیاحتی مقامات سے مالا مال ہونے کے باوجود آج بھی بنیادی شہری سہولیات کے حوالے سے متعدد مشکلات کا سامنا کر رہا ہے۔ بجلی کی آنکھ مچولی، گیس کی قلت، اشیائے ضروریہ کی بڑھتی قیمتیں اور خستہ حال سڑکیں عام شہری کی روزمرہ زندگی کو مسلسل متاثر کر رہی ہیں۔ بجلی کی غیر اعلانیہ اور طویل لوڈشیڈنگ نے گھریلو صارفین کے ساتھ ساتھ کاروباری طبقے اور چھوٹے صنعت کاروں کے مسائل میں اضافہ کیا ہے۔ شہری ایک طرف بھاری بجلی کے بل ادا کرنے پر مجبور ہیں تو دوسری جانب انہیں بجلی کی فراہمی میں تسلسل نہیں ملتا۔ ہزارہ کے مختلف علاقوں میں بار بار بجلی کی بندش معمول بنتی جا رہی ہے، جس سے طلبہ، کاروبار اور گھریلو امور متاثر ہوتے ہیں۔ گیس کا بحران بھی شہریوں کے لیے ایک مستقل مسئلہ بن چکا ہے۔ کم پریشر اور وقفے وقفے سے فراہمی کے باعث گھریلو صارفین کو مشکلات پیش آتی ہیں، جبکہ سرد موسم میں صورتحال مزید سنگین ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ متعلقہ ادارے محض شکایات سننے تک محدود نہ رہیں بلکہ فراہمی کے نظام میں موجود خامیوں کو مستقل بنیادوں پر دور کریں۔ دوسری جانب مہنگائی نے متوسط اور کم آمدنی والے طبقے کی مشکلات بڑھا دی ہیں۔ آٹا، سبزیاں، دالیں، دودھ، گوشت، پٹرول اور دیگر بنیادی اشیا کی قیمتوں میں اضافے کے باعث گھریلو بجٹ متاثر ہو رہا ہے۔ حکومت کی جانب سے قیمتوں کی نگرانی اور ناجائز منافع خوری کے خلاف کارروائیوں کے باوجود عام شہری کو ریلیف محسوس ہونا ضروری ہے۔ محض سرکاری نرخ نامے جاری کرنا کافی نہیں، ان پر عملدرآمد بھی یقینی بنایا جانا چاہیے۔ ہزارہ کے سڑکوں کا مسئلہ بھی فوری توجہ کا متقاضی ہے۔ کئی اہم رابطہ سڑکیں ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں، جگہ جگہ گڑھے اور ناقص تعمیر شہریوں کے لیے مشکلات پیدا کر رہے ہیں۔ سڑکیں کسی بھی علاقے کی معیشت، تجارت، تعلیم، صحت اور سیاحت کے لیے بنیادی حیثیت رکھتی ہیں۔ ہزارہ جیسے سیاحتی خطے میں بہتر سڑکوں کا نیٹ ورک مقامی معیشت کو بھی تقویت دے سکتا ہے۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ بجلی، گیس، مہنگائی اور سڑکوں کے مسائل کو الگ الگ شکایات سمجھنے کے بجائے ہزارہ کے مجموعی ترقیاتی چیلنج کے طور پر دیکھا جائے۔ متعلقہ وفاقی و صوبائی اداروں کو باقاعدہ ٹائم لائن کے ساتھ اقدامات کرنا چاہئیں اور عوام کو بتایا جائے کہ کون سا مسئلہ کب اور کس طرح حل کیا جائے گا۔ ہزارہ کے عوام صرف وعدے نہیں، بنیادی سہولیات، شفاف انتظام اور عملی اقدامات چاہتے ہیں۔ وسائل رکھنے والے اس خطے کے شہریوں کو ان کے بنیادی حقوق اور سہولیات کی فراہمی اب مزید نظر انداز نہیں ہونی چاہیے۔

این اے 15 اور PK-38 مانسہرہ کی بدلتی ہوئی صورتحال

تحریر محمد سعید تنولی پھلڑہ

این اے 15 مانسہرہ کی سیاست میں ایک بار پھر ڈرامائی تبدیلی کے امکانات، مسلم لیگ (ن) کے بعد تحریک انصاف نے بھی اپنی سیاسی حکمت عملی تبدیل کرتے ہوئے مانسہرہ میں نئی سیاسی صف آرائی کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر کی جانب سے ناراض ساتھیوں کو دوبارہ منانے اور نئی سیاسی شخصیات کو جماعت میں شامل کرنے کی کوششوں کے بعد پی ٹی آئی نے بھی مانسہرہ میں مسلم لیگ (ن) کو سیاسی طور پر ٹف ٹائم دینے کے لیے اہم سیاسی شخصیات سے رابطے شروع کر دیے ہیں۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ این اے 15 مانسہرہ میں نئے سیاسی گروپ کی تشکیل کے لیے زاہد چن زیب، نعیم تخی تنولی اور شیخ محمد شفیع سے رابطے کیے جا رہے ہیں اور آئندہ انتخابات میں انہیں مختلف حلقوں سے پی ٹی آئی کے پلیٹ فارم پر میدان میں اتارنے کی تجویز زیر غور ہے۔ ذرائع کے مطابق زاہد چن زیب کو این اے 15 مانسہرہ، نعیم تخی تنولی کو اگرور کے صوبائی حلقہ پی کے 39 جبکہ شیخ محمد شفیع کو پی کے 38 سے پی ٹی آئی کا امیدوار بنانے پر مشاورت جاری ہے سیاسی رابطوں میں تیزی کی ایک اہم وجہ یہ بھی بتائی جا رہی ہے کہ مذکورہ شخصیات کا مانسہرہ کی مقامی سیاست میں اپنا اثر و رسوخ اور سابقہ سیاسی روابط موجود ہیں۔ نعیم تخی تنولی ماضی میں مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر پی کے 38 سے رکن صوبائی اسمبلی رہ چکے ہیں اور کیپٹن (ر) محمد صفدر کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے رہے ہیں۔ 2024 کے عام انتخابات میں بھی انہوں نے اسی حلقے سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حیثیت سے انتخاب لڑا تھا۔ ذرائع کے مطابق کیپٹن صفدر اور نعیم تخی تنولی کے درمیان طویل عرصے سے سیاسی رفاقت رہی ہے، تاہم موجودہ سیاسی حالات میں ان کی آئندہ سیاسی سمت کے حوالے سے نئی چہ مگوئیاں جاری ہیں۔ شیخ محمد شفیع بھی مانسہرہ کی مقامی سیاست میں اہم

حیثیت رکھتے ہیں اور تحصیل چیئرمین مانسہرہ کے منصب پر فائز رہ چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہیں تحصیل چیئرمین کا ٹکٹ دلوانے میں نعیم تخی تنولی کا اہم کردار تھا اور اسی سیاسی تعلق کے باعث شیخ محمد شفیع بھی کیپٹن (ر) محمد صفدر کے قریبی ساتھیوں میں شمار ہوتے رہے ہیں۔ اب انہی دونوں شخصیات کے پی ٹی آئی سے ممکنہ رابطوں نے مانسہرہ کی سیاست میں نئی بحث چھیڑ دی ہے۔ ذرائع کے مطابق کیپٹن صفدر کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کے ناراض رہنماں اور کارکنوں کو دوبارہ ساتھ ملانے، پرانے سیاسی رابطے بحال کرنے اور نئی شخصیات کو جماعت میں شامل کرنے کی سرگرمیوں کے بعد پی ٹی آئی نے بھی اپنے سیاسی رابطوں کا دائرہ وسیع کر دیا ہے۔ اسی سلسلے میں زاہد چن زیب، نعیم تخی تنولی اور شیخ محمد شفیع کے درمیان سیاسی ہم آہنگی پیدا کرنے اور انہیں ایک نئے سیاسی گروپ کے پلیٹ فارم پر اکٹھا کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں۔ زاہد چن زیب کا نام بھی اس حوالے سے خاص اہمیت رکھتا ہے۔ 2024 کے انتخابات میں وہ پی کے 38 سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار کی حیثیت سے کامیاب ہوئے تھے، جبکہ اسی انتخاب میں نعیم تخی تنولی مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حیثیت سے ان کے مقابلے میں موجود تھے۔ اب ذرائع کے مطابق دونوں کو ایک ہی سیاسی پلیٹ فارم پر لانے کی کوشش کی جا رہی ہے، جو مانسہرہ کی مقامی سیاست میں ایک غیر معمولی سیاسی تبدیلی ہوگی۔ سیاسی ذرائع کا کہنا ہے کہ این اے 15 مانسہرہ میں آئندہ انتخابات کو مدنظر رکھتے ہوئے ابھی سے سیاسی رابطوں اور جوڑ توڑ کا سلسلہ شروع ہو چکا ہے۔ مسلم لیگ (ن) اپنی سابقہ سیاسی صف بندی کو مضبوط کرنے کی کوششوں میں مصروف ہے جبکہ پی ٹی آئی بھی ایسے سیاسی چہروں کو اپنے ساتھ ملانے کی کوشش کر رہی ہے جن کے مقامی سطح پر مضبوط روابط موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق آنے والے دنوں میں ان رابطوں میں مزید تیزی آنے کا امکان ہے اور نئی سیاسی شخصیات بھی مجوزہ گروپ کا حصہ بن سکتی ہیں۔ تاہم زاہد چن زیب، نعیم تخی تنولی اور شیخ محمد شفیع کی ممکنہ سیاسی سمت، پارٹی وابستگی اور آئندہ انتخابات میں حلقہ بندی کے حوالے سے حتمی فیصلہ متعلقہ سیاسی قیادت کے فیصلوں کے بعد ہی سامنے آئے گا۔

ہزارہ کی بیٹیاں بھی سوال کرتی ہیں

غیر ملکی سیاح لاپتہ ہوا تو سرچ آپریشن شروع ہوا، پولیس اہلکاروں اور مقامی لوگوں نے اپنا کردار ادا کیا، سیاح کی تلاش کے لیے ہر ممکن کوشش کی گئی اور بعد ازاں ڈی آئی جی ہزارہ ناصر محمود ستی نے سرچ آپریشن میں حصہ لینے والی ٹیم اور تعاون کرنے والے مقامی افراد کو تعریفی اسناد سے نوازا۔ یقیناً اچھی کارکردگی کی حوصلہ افزائی ہونی چاہیے، کیونکہ مشکل حالات میں کسی انسان کی زندگی بچانے کے لیے کی جانے والی کوشش قابل قدر ہوتی ہے۔

لیکن میرے ذہن میں ایک سوال مسلسل گردش کر رہا ہے

ہزارہ کی بیٹیاں؟

وہ بیٹیاں جو گھروں سے نکلتی ہیں، کچھ واپس نہیں آتیں۔ کچھ کے بارے میں کئی کئی دن تلاش جاری رہتی ہے۔ بعض واقعات میں قتل کے اندوہناک واقعات سامنے آتے ہیں اور بعض مقدمات میں جنسی تشدد کے الزامات لگتے ہیں۔ ان بیٹیوں کے والدین بھی تو ریاست کی طرف دیکھتے ہیں۔ ان کی آنکھیں بھی اپنی بیٹی کی واپسی یا انصاف کی منتظر ہوتی ہیں۔ کیا ان بیٹیوں کے لیے بھی اتنی ہی سنجیدگی، اتنی ہی رفتار اور اتنی ہی ترجیح ہونی چاہیے یا نہیں؟ یہ سوال کسی ایک پولیس افسر یا کسی ایک ادارے کو نشانہ بنانے کے لیے نہیں، بلکہ پورے نظام سے ہے۔ غیر ملکی سیاح ہمارے مہمان ہیں، ان کا تحفظ ہماری ذمہ داری ہے، لیکن ہزارہ کی بیٹی بھی اسی معاشرے کی بیٹی ہے۔ اس کے والدین بھی ٹیکس دیتے ہیں، قانون کا احترام کرتے ہیں اور ریاست سے تحفظ کی امید رکھتے ہیں۔ جب ایک بیٹی گم ہوتی ہے تو اس کے گھر کا ہر فرد ایک ایک لمحہ قیامت کی طرح گزارتا ہے۔ ہم اکثر کسی بڑے یا غیر معمولی واقعے کے بعد پولیس کی کارکردگی کو اجاگر کرتے ہیں، مگر روزمرہ زندگی میں خواتین اور بچوں کے تحفظ کا سوال کہیں پیچھے رہ جاتا ہے۔ اصل کامیابی صرف تعریفی اسناد دینے میں نہیں، بلکہ اس دن ہوگی جب ہزارہ کا کوئی باپ اپنی بیٹی کو گھر سے رخصت کرتے ہوئے یہ خوف محسوس نہ کرے کہ اگر وہ واپس نہ آئی تو انصاف کے لیے اسے دروازے دروازے نہ پھرنا پڑے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ خواتین اور بچوں سے متعلق سنگین جرائم کے مقدمات کی تفتیش میرٹ پر ہو، متاثرہ خاندانوں کو قانونی معاونت اور تحفظ ملے اور جہاں قانون اجازت دے وہاں مقدمات کی پیش رفت سے میڈیا اور عوام کو بھی آگاہ کیا جائے۔ کیونکہ سوال صرف یہ نہیں کہ لاپتہ سیاح کہاں تھا اور اسے کس نے تلاش کیا؟ سوال یہ بھی ہے کہ ہزارہ کی لاپتہ بیٹیوں، مظلوم بچیوں اور انصاف کی منتظر ماں کے سوالات کا جواب کون دے گا؟ یہ سوال آج بھی ہزارہ کی گلیوں، بازاروں اور گھروں سے اٹھ رہا ہے۔ اور شاید سب سے زیادہ بلند آواز میں وہ باپ پوچھ رہا ہے جس کی بیٹی ابھی تک گھر واپس نہیں آئی۔

بالاکوٹ میں اراضی کا تنازع، خاتون کی ڈی پی او سے تحفظ کی اپیل

اخروٹ اتارنے، ہوائی فائرنگ اور جان سے مارنے کی دھمکیاں دینے کا الزام

مانسہرہ (نیوز رپورٹر) تحصیل بالاکوٹ کے گاؤں شیخ کی رہائشی مسماۃ حسن زادی نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر مانسہرہ کو درخواست دیتے ہوئے الزام عائد کیا ہے کہ 16 ستمبر 2026 کو دوپہر 2 بجے کے قریب ملزمان گل زمان سمیت 10/12 نامعلوم مسلح افراد نے ان کی ذاتی ملکیتی اراضی پر زبردستی داخل ہو کر کھڑے اخروٹ کے درختوں سے اخروٹ اتارنا شروع کر دیے درخواست گزار کے مطابق جب انہوں نے ملزمان کو منع کیا تو ملزمان نے مبینہ طور پر ہوائی فائرنگ کی اور خاتون کو جان سے مارنے کی دھمکیاں دیں۔ درخواست میں کہا گیا ہے کہ واقعہ کے چشم دید گواہ موقع پر موجود تھے۔ سائلہ نے اپنی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ مذکورہ افراد بااثر، جھگڑالو اور فسادی قسم کے ہیں اور ان کے پاس غیر قانونی اسلحہ ہوتا ہے جبکہ ان کا مذکورہ اراضی سے کوئی قانونی تعلق واسطہ نہیں ہے اور وہ اراضی پر قبضہ کرنا چاہتے ہیں درخواست میں مزید بتایا گیا ہے کہ سائلہ ایک اکیلی اور شریف گھریلو خاتون ہیں جو اکیلے ان کا مقابلہ کرنے کی سکت نہیں رکھتیں۔ رپورٹ میں تاخیر کی وجہ یہ بتائی گئی ہے کہ گھر میں کوئی مرد موجود نہیں تھا اور جاتے ہوئے ملزمان نے دھمکایا۔

بقیہ 1

لواحقین کو مشکلات کا سامنا ہے۔ ڈاکٹرز کا کہنا ہے کہ مطالبات پر پیش رفت نہ ہونے کی صورت میں احتجاج کا دائرہ مزید بڑھایا جا سکتا ہے۔ ایوب میڈیکل کمپلیکس کے ڈاکٹرز کی ہڑتال 12ویں روز میں داخل، ڈاکٹرز سڑکوں پر نکل آئے، مریض ہسپتالوں میں ذلیل وخوار ہونےلگے تفصیلات کےمطابق ایوب میڈیکل کمپلیکس کے ڈاکٹرز کی ہڑتال 12ویں روز میں داخل ہوگئی، ڈاکٹرز اپنے مطالبات کے حق میں شاہراہ ریشم پر احتجاج کے لیے نکل آئے، جس کے باعث ٹریفک کی روانی متاثر اور شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کوئی پوچھنے والا نہیں شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز کے مطالبات اپنی جگہ، اگر ان کے مطالبات جائز ہیں تو صوبائی حکومت اور ہسپتال انتظامیہ کو سنجیدگی سے مذاکرات کرتے ہوئے مسئلے کا فوری اور قابل قبول حل نکالنا چاہیے تاکہ ہڑتال کا سلسلہ ختم ہو اور مریضوں کو علاج معالجے کی سہولیات بلاتعطل فراہم کی جاسکیں۔ دوسری جانب شہریوں نے شاہراہ ریشم بند کرنے کے عمل پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ احتجاج کرنا ڈاکٹرز کا حق ہے، تاہم اس کے لیے ایسی جگہ کا انتخاب کیا جائے جہاں عام شہریوں، مریضوں، طلبہ، ملازمین اور کاروباری افراد کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ شہریوں کا کہنا تھا کہ ڈاکٹرز اپنے مطالبات کے لیے ہسپتال انتظامیہ کے دفاتر کے باہر احتجاج کریں، سڑکیں بند کر کے عوام کو مشکلات میں ڈالنا مناسب نہیں۔ عوامی حلقوں کا ایک اہم سوال یہ بھی ہے کہ علاج کے لیے آنے والے مریضوں کے حقوق اور ہسپتال میں ڈاکٹرز کی حاضری و ڈیوٹی کے نظام کو کیسے یقینی بنایا جائے؟ شہریوں کا کہنا ہے کہ ڈاکٹرز اور دیگر طبی عملہ اگر اپنے حقوق اور تنخواہوں کے لیے آواز اٹھاتے ہیں تو انہیں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریوں اور مریضوں کے بنیادی حق علاج کو بھی پیش نظر رکھنا چاہیے۔ شہریوں نے صوبائی حکومت، ہسپتال انتظامیہ اور ڈاکٹرز سے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کو مزید طول دینے کے بجائے فوری مذاکرات کیے جائیں، جائز مطالبات کا حل نکالا جائے اور احتجاج کا ایسا طریقہ اختیار کیا جائے جس سے مریضوں اور عام شہریوں کو کم سے کم مشکلات کا سامنا ہو۔ ایوب ٹیچنگ ہسپتال کی اپنی ویب سائٹ کے مطابق ادارہ 24 گھنٹے طبی خدمات فراہم کرنے والا بڑا تدریسی ہسپتال ہے، اس لیے مریضوں کی سہولیات کا تسلسل اس تنازع میں مرکزی عوامی مسئلہ ہے۔

بقیہ 2

رہیں گے جبکہ میرج ہالز دیگر مارکیٹز اور تمام کمرشل جگہیں رات 10 بجے تک کھلیں رہیں گی اس کے علاوہ ریسٹورنٹس کیفے، فوڈ آؤٹ لیٹس، فروٹ و سبزی، دودھ وغیرہ کی دکانیں رات 11 بجے تک کھلیں رہیں گی جبکہ اس دوران میڈیکل اسٹورز کھلے رہیں گے سمارٹ لاک ڈاؤن کی خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف فوری سخت کاروائی کی جائے گی

بقیہ 3

بچے اور عبدالبصیر جن کی عمر بھی سات آٹھ سال تھیں زخمی ہونے والے بچوں کو ہسپتال ریفر کردیا ہے

بقیہ 4

ایڈیشنل سیشن جج کے پاس درخواست ضمانت دائر کی۔ عارف صدیق ایڈوکیٹ نے عدالت میں دلائل دیتے ہوئے بتایا کہ بچی کے والدین کو بتائے بغیر ایف آئی آر بچی کی دادی کی جانب سے درج کروائی گئی جو کہ ایک لالچی عورت ہے۔ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ڈاکٹروں نے بھی طبی معائنہ میں بچی کیساتھ کی نفی کی ہے۔ فاضل عدالت نے وکیل صفائی کی بحث سننے کے بعد گرفتار ملزم عمر ندیم کو رہا کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

بقیہ 5

پر طبی امداد کے لیے مقامی ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں انہیں ضروری طبی امداد فراہم کی گئی ذرائع کے مطابق آسمانی بجلی گرنے سے قریبی ایک دوسرے مکان کو بھی نقصان پہنچنے کی اطلاع ہے واقعے کے بعد علاقے میں افسوس اور تشویش کی فضا پائی جاتی ہے مقامی افراد نے متعلقہ اداروں سے متاثرہ خاندانوں کو ضروری امداد اور سہولیات فراہم کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 6

اساتذہ اور طلبا کی حاضری چیک کی، سکول میں جاری روزمرہ کی تعلیمی سرگرمیوں اور مختلف کلاس رومز گئے اور طلبا کا تفصیلی جائزہ لیا۔ انہوں نے مختلف کلاسز میں جا کر طلبا کے تعلیمی معیار کا بھی معائنہ کیا۔ اس موقع پر طلبا سے خطاب کرتے ہوئے ڈی ای او زاہد حسین جدون نے ہدایت کی کہ وہ اپنی تمام تر توجہ حصول علم پر مرکوز رکھیں۔ انہوں نے اساتذہ کو اپنے تدریسی فرائض احسن طریقے سے ادا کرتے ہوئے پایا اور طلبا کو سیکھنے کے عمل میں مصروف دیکھ کر اطمینان کا اظہار کیا۔ ڈی ای او نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ طلبا کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اپنی تمام توانائیاں صرف کریں تاکہ وہ مستقبل میں اچھے مسلمان اور بہترین پاکستانی شہری بن سکیں۔ زاہد حسین جدون نے مزید کہا کہ مانسہرہ کا شمار خیبر پختونخوا کے بڑے اضلاع میں ہوتا ہے۔ 2005 کے تباہ کن زلزلے سے شدید متاثر ہونے کے باوجود مانسہرہ میں تعلیمی ترقی کا سفر تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام اساتذہ میرے دست و بازو بنیں، درس و تدریس کے عمل میں میرا ساتھ دیں، ان شاءاللہ اساتذہ کے تمام مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کروں گا۔

بقیہ 7

حسین اور احمد علی عرف جگر ولد عدنان کو ملزمان نامزد کیا ہے

بقیہ 8

کی ہے جس میں نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام سمیت ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عبدالعلیم خان نے کہا کہ نئے صوبوں کا قیام صوبوں کی تقسیم نہیں بلکہ بہتر انتظامی تنظیم کا معاملہ ہے، چاروں صوبوں میں نئے انتظامی یونٹس کا قیام وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئے انتظامی یونٹس کے قیام کا مقصد عوام کو بہتر انتظامی سہولیات فراہم کرنا اور ان کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ ملاقات میں اس بات پر بھی گفتگو کی گئی کہ نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے معاملے پر سیاسی جماعتوں اور دیگر متعلقہ حلقوں کے درمیان بات چیت کو آگے بڑھایا جائے۔ دونوں رہنماؤں نے ملک میں بہتر طرز حکمرانی اور عوامی مسائل کے حل کے لیے مؤثر انتظامی اقدامات کی ضرورت پر زور دیا۔

بقیہ 9

چکا ہے ماضی میں پاکستان کو ڈی ٹریک کرنے والوں کا انجام ساری دنیا کے سامنے ہے نوجوان طبقہ مسلم لیگ ن کی سنجیدہ قیادت کو دیکھ کر مسلم لیگ ن میں آئے روز شامل ہو رہے ہیں سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی تفصیلات کے مطابق سیکرٹری جنرل پاکستان مسلم لیگ)ن (خیبر پختونخوا مرتضیٰ جاوید عباسی، سینئر رہنما رحمت سلام خٹک، سینیٹر برمند تنگی اور ایم پی اے صوبیہ شاہد کی موجودگی میں اہم سیاسی شمولیتی پروگرام منعقد ہوا جس میں خیبر پختون خوا سے پیپلز پارٹی اقلیتی ونگ کے صدر نصیب چن نے پیپلز پارٹی کو چھوڑ کر اپنے ساتھیوں سمیت پاکستان مسلم لیگ)ن (میں شمولیت کا باضابطہ اعلان کر دیا۔ اس موقع پر سابق وفاقی وزیر مرتضیٰ جاوید عباسی نے نصیب چند اور نئے شامل ہونے والے تمام ساتھیوں کو پاکستان مسلم لیگ)ن (میں شمولیت پر مبارکباد پیش کی۔ اس موقع پر کرک کے تنظیمی عہدیداران اور کارکنان بھی موجود تھے، جبکہ کلچر ونگ خیبر پختونخوا کے ساتھیوں نے بھی پاکستان مسلم لیگ نون میں شمولیت اختیار کی۔ نصیب چن طویل عرصے سے پیپلز پارٹی کے دیرینہ کارکن رہے ہیں، تاہم موجودہ سیاسی صورتحال اور مسلم لیگ)ن (کی قیادت و عوامی خدمت کے وژن سے متاثر ہو کر انہوں نے اپنے ساتھیوں سمیت مسلم لیگ)ن (کے قافلے میں شامل ہونے کا فیصلہ کیا۔

بقیہ 10

سے پچھلے کئی دنوں سے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں مسلسل ہوشربا اضافے کے بعد ڈیزل و پٹرول کی قیمتیں آسمان سے باتیں کرنے لگیں ہیں جبکہ مہنگائی بھی دن بدن بڑھنے لگی ہے جس کے ساتھ ہی مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر کے عوام اور شہریوں کے صبر کا پیمانہ بھی لبریز ہونے لگا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھتے ہی مختلف ٹرانسپورٹرز و ڈرائیورز حضرات نے بھی گاڑیوں کرائیوں میں اضافہ کر دیا ہے جس کی وجہ سے سفر کرنے والے مسافروں کی اکثریت سخت پریشان و شدید دشواری و مشکلات کا شکار ہو کر رہ گئی ہے ان حالات میں عوام کی اکثریت نہ صرف سراپا احتجاج ہے بلکہ مانسہرہ کے شہری عوامی تاجر سماجی مسافر اور ٹرانسپورٹ حلقوں نے وفاقی حکومت سے پٹرول و ڈیزل سمیت آٹا چینی گھی و دیگر اشیا خورد و نوش و روزمرہ استعمال کی چیزوں کے علاوہ گاڑیوں کے کرایے میں بھی فوری کمی کرنے کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 11

سیاسی حلقوں کی طرف سے ہزارہ کے مقبول اخبار روزنامہ شمال سے ٹیلی فون، وٹس ایپ اور سوشل میڈیا کے ذریعے رابطہ کر کے مسلمانوں کے مقدس ترین مقام کی حفاظت کے لیئے اپنی جانوں کے نذرانے دینے کا عظم کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ ہر مسلمان حرمین شریفین کے دفاع اور اس کی حرمت کے دفاع کو اپنے ایمان کا حصہ سمجھتا ہے اور اس کے لیئے اپنی جان اور مال قربان کرنا اپنے لیئے سعادت سمجھتا ہے۔

بقیہ 12

سلسلہ 18 ستمبر تک جاری رہنے کا امکان ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق شمالی علاقوں میں شدید بارش کے باعث لینڈ سلائیڈنگ اور فلیش فلڈ کا خطرہ بھی موجود ہے۔ شہریوں کو دریاں، ندی نالوں، انڈر پاسز اور نشیبی علاقوں سے دور رہنے، غیر ضروری سفر سے گریز اور شدید بارش و گرج چمک کے دوران بجلی کے کھمبوں، درختوں اور کمزور تعمیرات سے مناسب فاصلہ رکھنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ 13

ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے ہی ریسکیو کنٹرول روم مانسہرہ نے فوری طور پر اوگی اسٹیشن سے ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیم بمع ایمبولینس جائے حادثہ کی جانب روانہ کر دی۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق حادثے میں تنگی ولد زرداد، امیر الحق ولد محمد یسین، واجد ولد خاور اور بختیار ولد خائستہ گل زخمی ہوئے۔ ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیم نے موقع پر پہنچ کر تمام زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کی، جس کے بعد انہیں مزید علاج کے لیے اوگی ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 14

ٹیکنالوجی، آلات اور ضروری وسائل کی فراہمی سے آپریشنل استعداد اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں میں مزید بہتری آئے گی۔ ایبٹ آباد پولیس ہیڈکوارٹرز میں منعقدہ ریجنل پولیس دربار سے خطاب کرتے ہوئے ڈی آئی جی ہزارہ نے کہا کہ دربار میں ہزارہ ریجن کے مختلف اضلاع اور یونٹس سے افسران و جوانوں نے شرکت کی اور اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے متعلقہ ڈی پی اوز کو ملازمین کے مسائل قواعد وضوابط کے مطابق حل کرنے کی ہدایات جاری کیں۔ ان کا کہنا تھا کہ پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ کو بہتر سہولیات، بچوں کیلئے تعلیم وصحت کی سہولیات اور دیگر فلاحی اقدامات کی فراہمی پر توجہ دی جا رہی ہے۔ ڈی آئی جی ہزارہ نے بتایا کہ عوامی خدمات کو آسان، شفاف اور قابل رسائی بنانے کیلئے صوبہ بھر میں 100 سے زائد پولیس سہولت مراکز قائم کیے گئے ہیں، جبکہ ہزارہ ریجن میں تحصیل کی سطح پر 20 سے زائد مراکز شہریوں کو مختلف پولیس سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے افسران و جوانوں پر زور دیا کہ عوام کے ساتھ شائستگی، دیانت داری اور قانون کے مطابق برتا یقینی بنایا جائے۔ ناصر محمود ستی نے کہا کہ ملکی و غیر ملکی سیاح خیبر پختونخوا کے معزز مہمان ہیں، پولیس اہلکار سیاحوں کے جان و مال کے تحفظ اور انہیں ضروری سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے فورس میں نظم و ضبط اور فرائض کی ادائیگی میں فرض شناسی کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی

بقیہ 15

کارروائی: کرپٹ پٹواری نوید رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار نوشہرہ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ڈاکٹر محسن حبیب کی خصوصی ہدایت پر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ہمایوں خان کی قیادت میں قائم کردہ ٹیم نے کامیاب ٹریپ ریڈ (چھاپہ) مار کر کرپٹ پٹواری نوید کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی موجودگی میں رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ کیس اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی بڑی کارروائی: کرپٹ پٹواری نوید رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار نوشہرہ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ڈاکٹر محسن حبیب کی خصوصی ہدایت پر، اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن ہمایوں خان کی قیادت میں قائم کردہ ٹیم نے کامیاب ٹریپ ریڈ (چھاپہ) مار کر کرپٹ پٹواری نوید کو جوڈیشل مجسٹریٹ کی موجودگی میں رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ کیس کی تفصیلات نامزد ملزم: پٹواری نوید (حلقہ ریونیو آفیشل) نگران اتھارٹی: ڈائریکٹر اینٹی کرپشن، ڈاکٹر محسن حبیب ریڈنگ ٹیم سربراہ: اسسٹنٹ ڈائریکٹر اینٹی کرپشن، ہمایوں خان عدالتی نگرانی: جوڈیشل مجسٹریٹ کی موجودگی میں کارروائی عمل میں لائی گئی برآمد شدہ رقم: 40 ہزار روپے (نشان زدہ رشوت کے نوٹ) رشوت کی طلب کا پس منظر: ملزم نے سائل (ٹریپ ایجنٹ) کی والدہ کی جائیداد کی انتقال (انتقالِ ملکیت) کے عوض مزید 15 لاکھ روپے کا مطالبہ کر رکھا تھا، جبکہ وہ اس سے قبل بھی سائل سے 15 لاکھ روپے وصول کر چکا تھا۔ کارروائی کی تفصیل جائیداد کے انتقال کے بدلے بھاری رقم کے مطالبے کی باضابطہ شکایت پر کارروائی کرتے ہوئے، ڈائریکٹر ڈاکٹر محسن حبیب کی زیرِ ہدایت اسسٹنٹ ڈائریکٹر ہمایوں خان نے ایک خصوصی ریڈنگ ٹیم تشکیل دی۔ ٹیم نے جوڈیشل مجسٹریٹ کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے ملزم کے لیے جال بچھایا۔ پٹواری نوید کو ٹریپ ایجنٹ سے 40 ہزار روپے کی نشان زدہ رقم وصول کرتے ہی موقع پر رنگے ہاتھوں گرفتار کر لیا گیا۔ نامزد ملزم پٹواری نوید کو موقع پر ہی حراست میں لے کر سلاخوں کے پیچھے دھکیل دیا گیا ہے۔ ملزم کے خلاف باضابطہ قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے اور مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 16

اوقات میں مناسب پولیس نفری تعینات کرنے کی ہدایت کر دی۔ پولیس اہلکار چھٹی کے وقت سکولز کے باہر موجود رہ کر سکیورٹی صورتحال کی نگرانی کریں گے اور طالبات کی بحفاظت آمد و رفت یقینی بنائیں گے۔ ڈی پی او نے متعلقہ پولیس افسران کو ہدایت کی ہے کہ سکولوں کے اطراف سکیورٹی انتظامات پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ طالبات اور والدین کو تحفظ کا احساس فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 17

یہ ہمارا ایمان ہیں علامہ معاویہ اعظم سابق ممبر پنجاب اسمبلی تفصلات کے مطابق علامہ معاویہ اعظم طارق رہنما اہلسنت والجماعت پاکستان نے کہا حرمین ہماری پہچان ہیں، ہماری روح ہیں مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ وہ مقدس مقامات ہیں جہاں ہمارے سجدے جھکتے ہیں، جہاں ہمارے نبی ﷺ آرام فرما ہیں آج اگر حرمین شریفین کے تقدس کو خطرہ ہے تو سن لو حرمین شریفین کے خطرے کے سائرن دراصل پوری امت مسلمہ کے لیے خطرے کے سائرن ہیں۔ یہ سائرن ہمیں جگا رہے ہیں کہ اگر آج ہم نے حرمین کی حفاظت کے لیے لبیک نہ کہا، تو کل ہماری مساجد، ہماری عزتیں، ہمارا ایمان کچھ بھی محفوظ نہیں رہے گا۔ حرمین کی حفاظت کسی ایک ملک، کسی ایک جماعت کا مسئلہ نہیں، یہ ڈیڑھ ارب مسلمانوں کے ایمان کا مسئلہ ہے۔ ہم اعلان کرتے ہیں جان رہے تو رہے، مال رہے تو رہے مگر حرمین شریفین پر آنچ نہ آنے دیں گے قبلتین کی حرمت پر سودا نہیں ہوگا روضہ رسول ﷺ کی چادر پر حرف نہیں آنے دیں گے القدس لٹا، حرمین لٹنا، اور ہم حرمین کے محافظ ہیں

بقیہ 18

ضرور ملے گا۔ بیرسٹر قاسم حسین خان، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کی ممتاز سماجی و قانون دان شخصیت بیرسٹر قاسم حسین خان نے کہا ہے کہ ہزارہ صوبے کا قیام کسی قومیت، لسانی یا علاقائی تعصب کی بنیاد پر نہیں بلکہ خالصتاً انتظامی بنیادوں پر ناگزیر ہے۔ ہزارہ کے عوام کو ان کا آئینی و جمہوری حق ضرور ملے گا اور صوبہ ہزارہ کا قیام وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ میڈیا نمائندوں سے خصوصی گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر قاسم حسین خان نے کہا کہ ہزارہ ڈویژن ایک وسیع جغرافیائی خطہ ہے جہاں آبادی میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جبکہ موجودہ انتظامی ڈھانچے کے باعث عوام کو اپنے بنیادی مسائل کے حل اور سرکاری اداروں تک رسائی میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ نئے صوبے کے قیام سے انتظامی امور میں بہتری، عوام کو فوری انصاف اور بنیادی سہولیات کی فراہمی سمیت ترقیاتی عمل کو مزید مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ ہزارہ کا مطالبہ کسی دوسرے علاقے یا قوم کے خلاف نہیں بلکہ ہزارہ کے کروڑوں عوام کی دیرینہ خواہش اور انتظامی ضرورت ہے۔ ہزارہ کے عوام ملک و قوم کی ترقی میں ہمیشہ اپنا بھرپور کردار ادا کرتے آئے ہیں اور وہ آئین و قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اپنے حق کے حصول کے لیے جدوجہد جاری رکھیں گے۔ بیرسٹر قاسم حسین خان کا کہنا تھا کہ صوبہ ہزارہ کے قیام سے نہ صرف ہزارہ کے عوام کو بہتر انتظامی سہولیات میسر آئیں گی بلکہ پورے خطے میں ترقی، روزگار، تعلیم، صحت اور دیگر شعبوں میں نئے مواقع پیدا ہوں گے۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ بنانا کسی مخصوص زبان بولنے والوں یا قومیت کو تقسیم کرنے کا منصوبہ نہیں بلکہ عوام کو ان کی دہلیز پر بہتر حکمرانی فراہم کرنے کا عملی اقدام ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ہزارہ عوام اپنے مطالبے پر متحد ہیں اور صوبہ ہزارہ کے قیام کی جدوجہد کو ہر آئینی، جمہوری اور پرامن فورم پر اجاگر کیا جائے گا۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ہزارہ کے عوام کو ان کا حق ضرور ملے گا اور صوبہ ہزارہ کا قیام ایک دن حقیقت بن کر رہے گا۔

بقیہ 19

سے مقرر کردہ پرائس لسٹ کی دھجیاں اُڑائی جارہی ہیں ہر چیز مقررہ نرخ سے زائد قیمت پر فروخت ہو رہی حفظان صحت کے اصولوں منافی اور اشیاء خورد ونوش فرخت کرنے والوں اور مصنوعی مہنگائی کے مرتکب افراد کیخلاف سخت ایکشن لیا جائے عوامی نمائندے بجلی گیس اور آٹے کی بڑھتی قیمتوں مہنگائی بیروزگاری پر بات کرنے سے گریزاں ہیں عوام منتخب نمائندوں سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ذاتی مفادات کو بالائے طاق رکھ کر عام آدمی کی بھلائی کیلئے اقدامات کرے۔

بقیہ 20

رابطے و مشاورت کا عمل جاری، تفصیلات کے مطابق پی ٹی آئی کے 27 ستمبر کو ملک گیر ممکنہ احتجاج کے حوالہ سے پی ٹی آئی مانسہرہ کی تیاریاں جاری ہیں ذرائع کے مطابق 27 ستمبر کے احتجاج میں مانسہرہ سے سپیکر اسمبلی بابر سلیم سواتی سینیٹر اعظم خان سواتی ممبر قومی اسمبلی شہزادہ گستاسپ خان ممبران صوبائی اسمبلی زاہد چن زیب منیر حسین نعمانی سینئر نائب صدر کے پی کے کمال سلیم سواتی عبد الشکور خان سمیت کئی دیگر پارٹی رہنما بھی احتجاج میں شرکت کریں گے جبکہ مانسہرہ سے پارٹی کارکنوں کے ایک بڑے کارواں کی شرکت متوقع ہے ذرائع کے مطابق ضلع کے مختلف شہروں بالاکوٹ گھڑی حبیب اللہ شنکیاری بفہ اوگی ہل چھتر پلین خاکی تناول کے علاوہ مانسہرہ کے چھوٹے بڑے قصبات سے بھی پارٹی رہنماں عہدیداروں اور کارکنوں کے قافلے ریلیوں کی صورت میں مانسہرہ شہر پہنچیں گے جہاں سے گاڑیوں میں سوار کارکنوں کا بڑا کارواں احتجاج میں شرکت کیلئے روانہ ہوگا جس کی قیادت پارٹی عہدیداران ممبران قومی وصوبائی اسمبلی اور پارٹی کے مختلف سینئر رہنما کریں گے ذرائع کے مطابق اس حوالہ سے پارٹی رہنماں و کارکنوں کے درمیان رابطوں و مشاورت کا سلسلہ وقتاً فوقتاً جاری ہے،

اطلاع عام

ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ ہمارے والد محمد حسین شاہ ولد سید شیر شاہ سکنہ پیراں فوت ہو چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں امتیاز حسین شاہ، سید سجاد حسین شاہ، سید مشتاق حسین شاہ، راشد حسین شاہ پسران و مسمات ہمرازیہ بی بی دختر شامل ہیں ان کے علاوہ دیگر کوئی شرعی وارث نہیں ہے اگر کسی کو عذر اعتراض ہو تو متعلقہ حلقہ پٹواری پیراں / تحصیلدار مانسہرہ سے رابطہ کریں

المشتہر: راشد حسین شاہ و دیگر شرعی وارثان متوفی ساکنان پیراں تحصیل و ضلع مانسہرہ

تلاش گمشدہ

اسٹیٹ لائف کی بیمہ پالیسی نمبر 606559461-4 بنام عقیل احمد ولد محمد فاروق کہیں گم ہو چکی ہے متعلقہ پالیسی جس کسی کو بھی ملی ہو یا اس پر کوئی دعویٰ رکھتا ہو تو ایک ماہ کے اندر انچارج (پی ایچ ایس) اسٹیٹ لائف ایبٹ آباد زون کو مطلع کرے بصورت دیگر کوئی دعویٰ قابل قبول نہیں ہوگا۔

انچارج پالیسی ہولڈر سروس اسٹیٹ لائف ایبٹ آباد

اطلاع عام

بی بی اختر ولد سید محمود شاہ موضع خیر آباد فوت ہو چکی ہیں جنکے شرعی و قانونی وارثان میں سلیم شاہ، عابد حسین شاہ، سعید احمد شاہ پسران و مسماتان زاہدہ، صفیہ بی بی، بی بی بلقیس دختران بی بی اختر ولد سید محمود شاہ شامل ہیں انکے علاوہ دیگر کسی کو کوئی عذر اعتراض ہو تو وہ دورہ تحصیلدار صاحب حاضر ہو کر اپنا عذر پیش کرے بصورت دیگر انتقال وراثت درج و تصدیق کر دیا جائیگا۔

اطلاع عام

شبانہ بی بی دختر شاہ عالم فوت ہو چکی ہے جسکے شرعی وارثان میں محمد سہیل، طیب خان، ثاقب خان، بھائی شگفتہ، نسرین، جویریہ بی بی، سونیلہ بی بی، خدیجہ بی بی، لاریب بی بی بہنیں ہیں انکے علاوہ کو شرعی وارث نہیں ہے

اطلاع عام

میرے والد عبدالخالق ولد نادر خان فوت ہو چکے ہیں جنکے شرعی ورثاء میں گلشن بی بی (زوجہ)، اشفاق علی (پسر)، اخلاق علی (پسر)، سہیل خالق (پسر)، عائشہ عبدالخالق (دختر) شامل ہیں انکے علاوہ اور کوئی شرعی وارث نہ ہے۔

المشتہر: اشفاق علی ارباب لین کاغان کالونی منڈیاں ایبٹ آباد

اطلاع عام

میری والدہ محترمہ مسما پروین دختر شیر زمان زوجہ محمد سلیم وفات پا چکی ہیں جنکے شرعی وارثان میں محمد سلیم (خاوند) محمد وسیم، محمد زبیر پسران و مسماتان مسما شبنم بی بی، مسما صومنہ بی بی، مسما سمیرا بی بی، مسما ارم عامر، مسما حمیرا سلیم شامل ہیں جنکے علاوہ کوئی اور شرعی وارث نہ ہے۔

منجانب۔ محمد وسیم

اطلاع عام

سکندر شاہ ولد سید عمر شاہ سکنہ بچھہ تحصیل بفہ پکھل ضلع مانسہرہ وفات پا گئے چکے ہیں جن کے شرعی وارثان میں بی بی خاتون (بیوہ) اور بی بی ولایت النسا، بی بی عالم تاج، بی بی خالدہ، بی بی رخسانہ، ثوبیہ بی بی اور رافعہ سکندر (دختران) شامل ہیں، انکے علاوہ اگر کوئی اور شرعی وارث ہے تو وہ پندرہ یوم کے اندر حلقہ پٹوار بچھہ، منڈہ گچھ میں رابطہ کرے، بعد میں کوئی عذر قابل قبول نہیں ہوگا۔

منجانب: بی بی عالم تاج بیٹی، سکندر شاہ مرحوم

اطلاع عام

میری والدہ پری جان زوجہ غلام حیدر (مرحوم) فوت ہو چکی ہیں جنکے شرعی ورثاء درج ذیل ہیں پسران خان بہادر، شوکت، دختران اقبال بی بی، گلزار بی بی (فوت شدہ)، بی بی رخسانہ، سعیدہ بی بی، خالدہ بی بی انکے علاوہ کوئی شرعی وارث نہیں جس کسی کو اعتراض ہو وہ سات یوم کے اندر حلقہ پٹواری خانہ ڈنگ شریف میں رابطہ کرے۔

منجانب: خان بہادر ولد غلام حیدر سکنہ اسلام پور کیٹ تحصیل و ضلع مانسہرہ 0313-5940559

اطلاع عام

اسٹیٹ لائف بیمہ پالیسی نمبر 606134516-7 بنام مصور ولد محمد رفیق کہیں گم ہو چکی ہے جس کسی کو بھی ملی ہو یا کوئی دعویٰ رکھتا ہو تو وہ ایک ماہ کے اندر انچارج پالیسی ہولڈر سروس پی ایچ ایس اسٹیٹ لائف ایبٹ آباد زون کو مطلع کرے بصورت دیگر کوئی دعویٰ قابل قبول نہ ہوگا۔

منجانب: انچارج پالیسی ہولڈر سروس اسٹیٹ لائف ایبٹ آباد زون

اطلاع عام

پروین اختر زوجہ فرید خان 26.09.2025 کو فوت ہو چکی ہیں جن کے شرعی وارثان میں غضنفر علی، وقاص فرید، ترنم فرید، غزالہ فرید شامل ہیں انکے علاوہ اور کوئی شرعی وارث نہیں ہے اگر کسی کو اعتراض عذر ہو تو حلقہ پٹوار بفہ دوراہا سے رابطہ کرے

بقیہ 1

نے نوجوان نسل کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا کوئی پوچھنے والا ہی نہیں اس ضمن میں مقامی افراد نے شمال کو بتایا کہ ایبٹ آباد کی مصروف ترین گزرگاہ لنک روڈ نزد ملای والے ہوٹل کے قریب پنجاب سے ائی ہوئی بھکارنوں نے جسم فروشی کے اڈے قائم کردیے ہیں نوجوان نسل کو اپنے جال میں پھنسا کرانہیں قیمتی موبائل اور نقدی سے محروم کرنے لگی ہیں زرائع کے مطابق اسی کے ساتھ ہی خواجہ سراؤں نے بھی ڈیرے ڈال رکھے ہیں جوسر عام فحاشی کو دعوت دینے لگے ہیں لیکن یہاں کوئی بھی پولیس گشت موجود نہیں ہوتی رات ہوتے ہی یہاں پرشراب وکباب کی محفلیں سجنے لگتی ہیں مصروف ترین گزرگاہ پر فلیٹس کے مالکان نیکوی بھی کرایہ داری رجسٹریشن نہیں کروائی سرعام کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزیاں کی جارہی ہیں عوام نے ڈی آئی جی ہزارہ سے دوسرے اضلاع سے آئی ہوئی بکھارنوں کے خلاف فوری کاروای کا مطالبہ کردیا

بقیہ 2

روز بھی احتجاجی دھرنا اور مشاعرے کا انعقاد کیا گیا دھرنے میں جماعت اسلامی کے رہنماں، کارکنوں اور مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر سے آئے ہوئے شہریوں نے شرکت کی۔ اس موقع پر ضلعی امیر جماعت اسلامی مانسہرہ جمیل احمد جہانگیری، شفاعت علی خان، فاریض خان، عابد علی خان، ڈاکٹر عامر شہزاد، شیخ ندیم شہزاد، عادل دلاور خان سواتی، حاجی محمد حنیف اعوان، علی احمد شاہ اور دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حکومت پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں فوری کمی کرے اور عوام پر عائد ناجائز ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے مقررین کا کہنا تھا کہ مہنگائی نے عام آدمی کی مشکلات میں بے پناہ اضافہ کر دیا ہے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافے کے اثرات براہ راست اشیائے ضروریہ، ٹرانسپورٹ اور روزمرہ زندگی کے اخراجات پر پڑ رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ جماعت اسلامی عوامی حقوق کے حصول اور مہنگائی کے خلاف اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ دھرنے کے موقع پر مانسہرہ سمیت ہزارہ بھر سے تعلق رکھنے والے شعرانے بھی شرکت کی اور مشاعرے میں مہنگائی، عوامی مشکلات اور موجودہ معاشی صورتحال کے حوالے سے اپنا کلام پیش کیا۔ شرکا نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے کے لیے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اوراضافی ٹیکسز کے معاملے پرنظرثانی کی جائے۔

بقیہ 3

کے طریقہ کار پر تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے پیٹرول دینے سے انکار کردیا،کراچی میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے وائس چیئرمین پی پی ڈی اے انوار کمال نے کہا کہ ریلیف اسکیم کی تیاری میں ڈیلرز سے مشاورت نہیں کی گئی،موجودہ طریقہ کار پرعمل درآمد مشکل ہے،انوار کمال کا کہنا تھا کہ ریلیف اسکیم کا مالی بوجھ ڈیلرز پر ڈالنا قابلِ عمل نہیں، ڈیلرز مارجن میں اضافے کا مطالبہ کرتے ہیں، حکومت کی موجودہ ریلیف اسکیم کے تحت پیٹرول نہیں دیں گے۔ وائس چیئرمین پی پی ڈی اے نے مزید کہا کہ سستے پیٹرول کی رقم حکومت ڈیلرز کو کیسے ادا کرے گی؟ تین دن سے حکومت سے رابطہ کر رہے ہیں مگر تاحال کوئی جواب نہیں ملا

بقیہ 4

نوجوان گولی کی زد میں آ کر جاں بحق جبکہ تین لڑکے زخمی ہوگئے عینی شاہدین کے مطابق گزشتہ شام نماز مغرب کے بعد رضا محمد اور عدنان نامی اشخاص کے بیٹوں کے درمیان موٹرسائیکل کی اوور ٹیک کرنے پر تو تکرار شروع ہوئی اور نوبت لڑائی جھگڑے تک آ پہنچی اسی دوران بیٹوں کیا طلاع پر مذکورہ فریقین کے بڑے بھی پہنچ آئے اور ایک دوسرے پر آہنی راڈوں، ڈنڈوں کے وار کیئے جبکہ فائرنگ بھی ہوئی اس دوران فریقین کو چھڑانے اور بیچ بچاو کے لئے 25 سالہ نوجوان وقاص انور ولد انور خان سکنہ بیلہ بجوری درمیان میں آیا تو گولیاں اسے آ کر لگیں جس سے وہ شدید زخمی ہوگیا جسے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال بفہ اور بعد ازاں کنگ عبداللہ ہسپتال مانسہرہ لے جاتے ہوئے وہ راستے میں ہی دم توڑ گیا لڑائی کے دوران تین نوجوان عزیز محمد احسان اور عبداللہ جن کی عمریں 21 سال بتائی گئی ہیں ڈنڈوں کے وار سے زخمی ہوئے مقتول وقاص انور کے بھائی سہیل انور کی رپورٹ پر تھانہ بفہ نے دو بھائیوں عدنان اور اجمان پسران فضل حسین اور احمد علی عرف جگر ولد عدنان کے خلاف قتل کا مقدمہ درج کر کے ان کی گرفتاری کے لئے چھاپے مارنے شروع کردیئے دریں اثنا مقتول کے پوسٹمارٹم کے بعد نعش ورثا کے حوالے کردی گئی جسے نماز جنازہ کے بعد سپرد خاک کر دیا گیا۔

بقیہ 5

باڑیاں، نتھیاگلی، ایبٹ آباد روڈ پر طویل عرصے بعد تارکول بچھانے کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ مقامی ذرائع کے مطابق مذکورہ شاہراہ پر تقریبا 25 سال بعد کارپٹنگ کا کام کیا جا رہا ہے، جس سے سڑک کی حالت اور خوبصورتی میں بہتری آنے کے ساتھ علاقے میں سیاحتی سرگرمیوں کے فروغ کی بھی امید ظاہر کی جا رہی ہے۔ اہلِ علاقہ نے اہم شاہراہ پر ترقیاتی کام شروع کرنے پر فرنٹیئر ہائی وے اور صوبائی حکومت کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ کام کو مقررہ معیار کے مطابق جلد مکمل کیا جائے تاکہ مقامی آبادی اور سیاحوں کو بہتر سفری سہولیات میسر آ سکیں۔

بقیہ 6

حکومت پاکستان نے ان تمام افغان مہاجرین کے خلاف سخت ایکشن کا اعلان کر دیا ہے جنہوں نے جعلی یا بوگس قومی شناختی کارڈز بنوا رکھے ہیں۔ ان تمام افراد کا مکمل ڈیٹا اور ریکارڈ محفوظ کر لیا ہے، جس میں وہ بااثر افراد بھی شامل ہیں جو سیاسی شخصیات اور اعلی افسران سے تعلقات کا سہارا لے کر اب تک بچتے رہے۔ حکومتی نے ملک گیر سطح پر بڑے پیمانے پر کارروائی کا آغاز کیا جائے گا۔ اس آپریشن میں نہ تو کسی کا پیسہ چلے گا اور نہ ہی کوئی سیاسی سفارش۔ حکومت نے جعلی کارڈ رکھنے والے افغان شہریوں کو متنبہ کیا ہے کہ وہ عزت و احترام کے ساتھ قریبی نادرا دفاتر میں اپنے جعلی کارڈز رضا کارانہ طور پر جمع کرا دیں، بصورت دیگر ان کے خلاف زبردست کارروائی کرتے ہوئے گرفتاریاں اور ملک بدری عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 7

باعث شہریوں، طلبہ اور دیگر مسافروں کی آمدورفت متاثر ہو رہی ہے، جبکہ مقامی آبادی نے صورتحال پر شدید احتجاج کیا ہے۔ عوام نے متعلقہ محکمہ سے مطالبہ کیا ہے کہ سڑک کی بندش کی وجوہات کا فوری ازالہ کرتے ہوئے اسے ٹریفک کے لیے بحال کیا جائے تاکہ شہریوں کو درپیش مشکلات کم ہو سکیں۔

بقیہ 8

ہوا۔ اجلاس میں امتحانات کے دوران سکیورٹی، ٹریفک مینجمنٹ، امیدواروں کو سہولیات کی فراہمی اور امتحانی مراکز پر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ ایم ڈی کیٹ امتحانات کے پرامن اور شفاف انعقاد کیلئے تمام ضروری انتظامات بروقت مکمل کیے جائیں اور امتحانی مراکز پر امیدواروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرتے ہوئے انہیں کسی قسم کی مشکلات سے بچایا جائے۔

بقیہ 9

بننے والے عناصر کو ضروری ہدایات جاری کی گئیں۔ ٹریفک پولیس نے مختلف مقامات پر سکول بچوں کو گاڑیوں میں گنجائش سے زائد بٹھانے والے ڈرائیوروں کے خلاف بھی کارروائی کی اور انہیں پابند کیا کہ بچوں کی محفوظ سفری سہولت کیلئے اوور لوڈنگ سے گریز کرتے ہوئے ٹریفک قوانین اور حفاظتی ضوابط پر مکمل عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق غیر قانونی منی اڈوں، اوورلوڈنگ اور ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی۔

بقیہ 10

بھرپور شرکت عوام کا پاک فوج کو زبردست خراج تحسین گزشتہ روز متوقع امیدوار بی ڈی انتخابات یو سی سرائے نعمت خان ملک محمد بلال آف سیریاں اور بریگیڈیئر شہزاد عزیز اعوان کی بھرپور کوششوں سے گورنمنٹ ہائیر سیکنڈری سکول سرائے نعمت خان میں پاک فوج کی طرف سے بھرتی کیمپ کا انعقاد کیا گیا پاک فوج میں بھرتی کے لیے نوجوانوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی بھرتی کا عمل انتہائی شفاف طریقے صبح سے شام تک جاری رہا پاک فوج کی طرف سے جاری کردہ ہدایات اور فزیکل فٹنس پر پورا اترنے والے نوجوانوں کو موقع پر بھرتی سلپس جاری کر دی گئیں سرائے نعمت خان کے عوامی حلقوں نے بریگیڈیئر شہزاد عزیز اور ملک محمد بلال کو بھرتی کیمپ کے انعقاد اور پاک فوج کے میجر شہزاد صاحب سمیت دیگر سٹاف کو انتہائی شفاف طریقے سے بھرتی کا عمل مکمل کرنے پر شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے

بقیہ 11

اسمگلنگ مہم کے سلسلے میں چیف کنزرویٹر آف فاریسٹس، ہزارہ ریجن، کنزرویٹر، لوئر ہزارہ کی نگرانی میں، اور ڈویژنل فاریسٹ آفیسر (DFO) سیرن ڈویژن کی خصوصی ہدایات پر (SDFO) جبوڑی کی نگرانی میں فیلڈ سٹاف کے ہمراہ غیر قانونی لکڑی سے لدی ہوئی سوزوکی کیری گاڑی کو پکڑ لیا۔ گاڑی اور لکڑی کو سرکاری قبضہ میں لیکر مزید کارروائی شروع کر دی گئی ھے۔ جبکہ ملوث عناصر کے خلاف خیبر پختونخوا فاریسٹ آرڈیننس، 2002 کی متعلقہ دفعات کے تحت قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ مزید تفتیش جاری ہے تاکہ غیر قانونی کٹائی، نقل و حمل اور اسمگلنگ میں ملوث تمام افراد کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ محکمہ جنگلات اس عزم کا اعادہ کرتا ہے کہ جنگلاتی جرائم، غیر قانونی کٹائی اور لکڑی کی اسمگلنگ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی پر سختی سے عمل درآمد جاری رکھا جائے گا۔ قیمتی جنگلاتی وسائل کے تحفظ کے لیے انٹیلی جنس پر مبنی کارروائیاں، شبانہ گشت اور مؤثر قانونی اقدامات مستقبل میں بھی بلاتعطل جاری رہیں گے۔

بقیہ 12

کے قتل کے افسوسناک واقعہ سے متعلق اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں تین بھائی قتل جبکہ ایک چھوٹا بچہ فائرنگ سے شدید زخمی ہو گیا تھا۔ واقعے کے مقدمے میں نامزد ملزمان کو پولیس نے فوری گرفتار کر لیا تھا جس کے بعد ملزمان نے مانسہرہ سیشن کورٹ میں ضمانت لگوائی جسے بہترین دلائل سے عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے عدالت سے خارج کروا دیا جبکہ کچھ عرصہ بعد ملزمان کی جانب سے دوبارہ ہائی کورٹ ایبٹ آباد میں ضمانت کی درخواست دائر کی گئی مگر ایک بار پھر عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے اپنے بہترین دلائل سے ملزمان کی ضمانت کی درخواست ہائی کورٹ سے بھی خارج کروا دی ہے دستیاب پولیس ریکارڈ کے مطابق 31 جولائی 2026 کو کرکالا کے علاقے میں پیش آنے والے واقعے میں مسلح افراد نے گھر میں داخل ہو کر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں تین بھائی جان کی بازی ہار گئے جبکہ ایک بچہ شدید زخمی ہوا۔ زخمی بچے کو طبی امداد کے لیے کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال (KATH) منتقل کیا گیا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق واقعے کے بعد مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کیا گیا، اور ملزمان کو فوری گرفتار کیا گیا ملزمان نے پہلے سیشن کورٹ اور پھر ہائی کورٹ میں بھی ضمانت لینے کی کوشش کی مگر مدعیان کی جانب سے سینئر وکیل عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے عدالت کے روبرو مقدمے کے مختلف قانونی اور واقعاتی پہلوں پر تفصیلی اور مؤثر دلائل پیش کیے۔ وکیلِ صفائی کے مقف کے مقابلے میں مدعیان کی جانب سے واقعے کی سنگینی، مقتولین کے خاندان کو پیش آنے والے نقصان اور مقدمے کے ریکارڈ سے متعلق نکات عدالت کے سامنے رکھے گئے۔ مدعیان کے مطابق اس واقعے نے ایک خاندان کو شدید صدمے سے دوچار کیا ہے۔ تین بھائیوں کے جاں بحق ہونے کے بعد ان کی والدہ، بیویاں اور بچے متاثر ہوئے، جبکہ بچہ بھی فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہوا۔ خاندان کی جانب سے واقعے کو اپنے لیے ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ پولیس ریکارڈ میں درج بیان کے مطابق فائرنگ کے دوران گھر کے اندر موجود افراد نے اپنی جانیں بچانے کے لیے پناہ لی، جبکہ واقعے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کی۔ جس کے بعد عدالت کی جانب سے ملزمان کی عبوری ضمانتیں خارج کیے جانے کے بعد مقدمے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ کیس میں آئندہ قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 13

کورٹ سے خارج، مدعیان کے وکیل عبدالمالک خان ایڈووکیٹ کے مؤثر دلائل مانسہرہ کے تھانہ لاری اڈہ کی حدود کرکالا میں تین بھائیوں کے ق ت ل کے افسوسناک واقعہ سے متعلق اہم پیش رفت سامنے آئی ہے، جہاں تین بھائی ق ت ل جبکہ ایک چھوٹا بچہ فائرنگ سے شدید زخمی ہو گیا تھا۔ واقعے کے مقدمے میں نامزد ملزمان کو پولیس نے فوری گرفتار کر لیا تھا جس کے بعد ملزمان نے مانسہرہ سیشن کورٹ میں ضمانت لگوائی جسے بہترین دلائل سے عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے عدالت سے خارج کروا دیا جبکہ کچھ عرصہ بعد ملزمان کی جانب سے دوبارہ ہائی کورٹ ایبٹ آباد میں ضمانت کی درخواست دائر کی گئی مگر ایک بار پھر عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے اپنے بہترین دلائل سے ملزمان کی ضمانت کی درخواست ہائی کورٹ سے بھی خارج کروا دی ہے دستیاب پولیس ریکارڈ کے مطابق 31 جولائی 2026 کو کرکالا کے علاقے میں پیش آنے والے واقعے میں مسلح افراد نے گھر میں داخل ہو کر فائرنگ کی، جس کے نتیجے میں تین بھائی جان کی بازی ہار گئے جبکہ ایک بچہ شدید زخمی ہوا۔ زخمی بچے کو طبی امداد کے لیے کنگ عبداللہ ٹیچنگ ہسپتال (KATH) منتقل کیا گیا۔ پولیس رپورٹ کے مطابق واقعے کے بعد مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کیا گیا، اور ملزمان کو فوری گرفتار کیا گیا ملزمان نے پہلے سیشن کورٹ اور پھر ہائی کورٹ میں بھی ضمانت لینے کی کوشش کی مگر مدعیان کی جانب سے سینئر وکیل عبدالمالک خان ایڈووکیٹ نے عدالت کے روبرو مقدمے کے مختلف قانونی اور واقعاتی پہلوں پر تفصیلی اور مؤثر دلائل پیش کیے۔ وکیلِ صفائی کے مقف کے مقابلے میں مدعیان کی جانب سے واقعے کی سنگینی، مقتولین کے خاندان کو پیش آنے والے نقصان اور مقدمے کے ریکارڈ سے متعلق نکات عدالت کے سامنے رکھے گئے۔ مدعیان کے مطابق اس واقعے نے ایک خاندان کو شدید صدمے سے دوچار کیا ہے۔ تین بھائیوں کے جاں بحق ہونے کے بعد ان کی والدہ، بیویاں اور بچے متاثر ہوئے، جبکہ بچہ بھی فائرنگ کے نتیجے میں زخمی ہوا۔ خاندان کی جانب سے واقعے کو اپنے لیے ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیتے ہوئے انصاف کی فراہمی کا مطالبہ کیا گیا تھا۔ پولیس ریکارڈ میں درج بیان کے مطابق فائرنگ کے دوران گھر کے اندر موجود افراد نے اپنی جانیں بچانے کے لیے پناہ لی، جبکہ واقعے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کر کے مزید قانونی کارروائی شروع کی۔ جس کے بعد عدالت کی جانب سے ملزمان کی عبوری ضمانتیں خارج کیے جانے کے بعد مقدمے میں اہم پیش رفت ہوئی ہے، جبکہ کیس میں آئندہ قانونی کارروائی جاری رہے گی۔

بقیہ 14

مطالبہ کیا ہے کہ ایم آر آئی مشین کی خرابی کا فوری نوٹس لے کر اسے جلد از جلد فعال کیا جائے تاکہ شدید بیمار مریضوں کو غیر ضروری مشکلات اور ہسپتال سے باہر منتقلی کی زحمت سے بچایا جا سکے۔ انہوں نے ہسپتال میں تشخیصی سہولیات کی بلاتعطل فراہمی یقینی بنانے کا بھی مطالبہ کیا ہے۔

بقیہ 15

میڈیکل یونیورسٹی (KMU) کے نمائندے شریک ہوئے۔ اجلاس میں ٹیسٹ کے پرامن، شفاف اور منظم انعقاد کے لیے مختلف انتظامات اور آئندہ کے لائحہ عمل پر تفصیلی غور کیا گیا۔

بقیہ 16

نرخ میں 6 روپے 88 پیسے فی لیٹر اضافہ، پٹرول کی نئی قیمت 391 روپے 22 پیسے جبکہ ڈیزل کی نئی قیمت 421 روپے 45 پیسے فی لیٹر مقرر، تفصیلات کے مطابق پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے یومیہ تعین کے تحت حکومت نے پٹرول اور ہائی سپیڈ ڈیزل کی قیمتوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے جس کے بعد مہنگے ڈیزل و پٹرول مزید مہنگے ہو گئے ہیں زرائع کے مطابق حکومت نے گزشتہ بدھ و جمعرات کی درمیانی شب ڈیزل کے ریٹ میں 5.62 پیسے جبکہ پٹرول کے نرخ میں 6.88 پیسے فی لیٹر اضافہ کر دیا ہے جس کے بعد ڈیزل کی نئی قیمت 421.45 پیسے فی لیٹر جبکہ پٹرول کی نئی قیمت 391.22 پیسے فی لیٹر مقرر کر دی گئی ہے جس کا اوگرا نے نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا ہے پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ صرف ایک روز یعنی جمعرات کی شب بارہ بجے تک کیا گیا ہے

بقیہ 17

آتشزدگی سے بچا اور ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے سیفٹی آڈٹ کرانے کے حوالے سے اہم اجلاس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف اسد محمود لودھی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اسسٹنٹ کمشنرز، پولیس افسران، ٹی ایم اوز، ڈاکٹرز، ہیلتھ کیئر کمیشن کے نمائندگان، ریڈ کریسنٹ افسران اور سول ڈیفنس آفیسر نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ ہر تحصیل کی سطح پر ٹیمیں تشکیل دے کر متعلقہ صحت مراکز کا جائزہ لیا جائے گا۔ ٹیمیں عوام اور طبی عملے کے تحفظ کے لیے موجود حفاظتی اقدامات، آتشزدگی سے بچا کے انتظامات اور دستیاب حفاظتی آلات کا ڈیٹا جلد از جلد جمع کریں گی، جسے صوبائی حکومت کو ارسال کیا جائے گا۔ اجلاس میں ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے حفاظتی انتظامات مؤثر بنانے پر بھی زور دیا گیا۔

بقیہ 18

اندرون شہر بازاروں اور مین شاہراہ ریشم پر گاڑیاں سرعام پریشر ہارن بجاتی ہیں پریشر ہارن بجانے کے شوقین ڈرائیوروں نے عوام کا جینا محال کر رکھا ہے بعض منی گاڑیاں روڈ میں تھوڑی تاخیر ہونے پر بھی پریشر ہارن بجانا شروع کر دیتی ہیں حالانکہ پریشر ہارن پر پابندی ہے اسی طرح جگہ جگہ مائیکر ولگائے ہوئے ہیں جن کی وجہ سے پیدل گزرنے والے مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے عوامی سماجی حلقوں نے انتظامیہ اور ٹریفک پولیس سے فی الفور نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے، ذرائع

بقیہ 19

ایس نو تمبر کو اسلام آباد کے لئے بک کئے رسید میری UMS 9784144 ہے جو کہ آٹھ دنوں میں بھی نہ پہنچ سکی بار بار شکایتوں کے باوجود کوئی نوٹس نہیں لیا گیا جبکہ یو ایم سی گیارہ ستمبر کو اسلام آباد جوڈیشل کمپلیکس پوسٹ آفس پہنچ گئی لیکن سستی لاپرواہی ناقص سروس کی انتہا دیکھیں کہ سات دن سے پڑی ہوئی ہے لیکن آگے متعلقہ شخص کو نہیں پہنچائی گئی پاکستان پوسٹ آفس کی ناقص سروس لاپرواہی سستی کی وجہ سے پرائیویٹ کوریئر سروس کامیاب ہو رہی ہے بلکہ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ پاکستان پوسٹ آفس پرائیویٹ کوریئر کمپنیوں کو سپورٹ فراہم کر رہی ہے اس لئے عوام سستی سروس کو چھوڑ کر مہنگی سروس پر بک کرنے کو ترجیح دیتے ہیں ہم وزیراعظم پاکستان، وزیر مواصلات اور ڈی جی پوسٹ سے مطالبہ کرتے ہیں کہ اس کا فوری نوٹس لیا جائے اور انکوائری کر کے متعلقہ پوسٹ آفس کے خلاف کارروائی کی جائے جو لوگ تنخواہیں اور مراعات لے کر بھی کام نہیں ایسے لوگوں کو نوکروں سے برطرف کیا جائے

بقیہ 20

محمد کی کاوش سے تناول کی یونین کونسل پھلڑہ اور ساون میرا میں معذور افراد کو ویل چیئر اور اسی طرح غرباء کو راشن کی تقسیم کرا کر دکھی انسانیت کی خدمت کی ہے جو کہ خوش آئند اقدام ہے علاقہ بھر میں ان کی اس کاوش سے الفاروق ویلفیئر کی جانب سے معذور افراد اور اسی طرح نادار غریب لوگوں کی مالی معاونت کرنے سے نہ جانے ان مجبور لوگوں کو کتنی خوشی ہوتی ہوگی امید ہے کہ تاج ویلفیئر کے توسط سے آئندہ بھی اس طرح عوام کی خدمت کا سلسلہ جاری رہے گا

بقیہ 21

پر آئے روز حادثات کا شکار ہو رہے ہیں اولی حکام سے مطالبہ ہے کہ ایوب پل کے ساتھ ہیوی لوڈ گاڑیوں کا ہنگامی بنیادوں پر متبادل راستہ بنایا جائے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعہ رونما نہ یوان ٹرانسپورٹرز کو اس اذیت سے بچایا جائے۔

بقیہ 22

ٹیکنیکل ذرائع کو بروئے کار لاتے ہوئے چوری اور گمشدہ ہونے والے 20 قیمتی موبائل فون برآمد کر کے ان کے اصل مالکان کے حوالے کر دیئے۔ ایبٹ آباد پولیس کی جانب سے برآمد کیئے گئے موبائل فونز کی مجموعی مالیت لاکھوں روپے ہے۔ جن شہریوں نے اپنے موبائل فونز کی چوری یا گمشدگی کی رپورٹس پولیس کو درج کروائی تھیں، ٹیکنیکل برانچ نے ان موبائل فونز کا سراغ لگا کر خود اصل مالکان سے رابطہ کیا اور انہیں موبائل فونز کی برآمدگی کی اطلاع دی۔ موبائل فونز واپس ملنے پر شہریوں کی جانب سے پولیس کی اس کامیاب کارروائی کو بھرپور سراہتے ہوئے پولیس افسران و اہلکاروں کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا۔

بقیہ 23

شاندار تقریب کا انعقاد، جس کا مقصد اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے والی تقریب منعقد ہوئی، جس میں نوجوانوں کو تعلیم کے ساتھ ساتھ ہنر، ٹیکنالوجی، روزگار، انٹرپرینیورشپ اور کاروبار کے مواقع فراہم کرنے پر خصوصی توجہ دی گئی۔ یہ اہم یوتھ ایونٹ میٹرکس پاکستان اور ڈسٹرکٹ یوتھ آفس ایبٹ آباد کے زیر اہتمام منعقد ہوا، جبکہ کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ایبٹ آباد کیمپس کے Student Startup Business Center (SSBC) نے اس کے انعقاد میں نمایاں اور کلیدی کردار ادا کیا۔ پروگرام میں مختلف تعلیمی اداروں کے طلبہ، نوجوان پروفیشنلز، کاروباری افراد، اسٹارٹ اپس، ماہرین، صنعت و تجارت سے وابستہ شخصیات، سرکاری نمائندگان اور نوجوان رہنماں نے شرکت کی۔ سمٹ کا مقصد نوجوانوں کو جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ کرنا، انہیں روزگار اور کاروبار کے نئے مواقع سے آگاہ کرنا، ان کے تخلیقی خیالات کو اجاگر کرنا اور تعلیم، ہنر، ٹیکنالوجی اور انٹرپرینیورشپ کے ذریعے نوجوانوں کو بااختیار بنانا تھا۔ تقریب کا ایک اہم حصہ کامسیٹس یونیورسٹی کے Student Startup Business Center (SSBC) کی جانب سے نوجوانوں کے لیے انٹرپرینیورشپ اور اسٹارٹ اپ کلچر کے فروغ کے حوالے سے پیش کی جانے والی کاوشیں تھیں۔ اس موقع پر SSBC کے انچارج غیاث الدین شاہ نے خطاب کرتے ہوئے یوتھ سمٹ کو نوجوانوں کے لیے انتہائی مفید اور ثمر آور قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ دور میں صرف ڈگری حاصل کرنا کافی نہیں بلکہ نوجوانوں کو عملی زندگی کے لیے ضروری ہنر، کاروباری سوچ اور خود انحصاری کی صلاحیت فراہم کرنا بھی ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ ''ہم اپنے بچوں کو Job Seeker نہیں بلکہ Job Creator بنانا چاہتے ہیں۔'' کامسیٹس یونیورسٹی کا وژن یہ ہے کہ نوجوان اپنے پاں پر خود کھڑے ہوں، اپنے والدین پر انحصار کرنے کے بجائے اپنے خاندان کا سہارا بنیں اور معاشرے اور ملک کی معاشی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں۔ کامسیٹس یونیورسٹی صرف تعلیم اور ڈگری فراہم کرنے والا ادارہ نہیں بلکہ نوجوانوں کو عملی ہنر، جدید ٹیکنالوجی اور انٹرپرینیورشپ کی مہارتیں فراہم کرنے کے لیے بھی کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ SSBC کے ذریعے طلبہ کو اپنے کاروباری خیالات کو عملی شکل دینے، ان کی پچنگ کرنے، بزنس پلان تیار کرنے اور اسٹارٹ اپس کے قیام کے لیے راہنمائی فراہم کی جا رہی ہے۔ غیاث الدین شاہ نے اس موقع پر ڈائریکٹر کامسیٹس یونیورسٹی اسلام آباد، ایبٹ آباد کیمپس پروفیسر ڈاکٹر زاکر حسین کا خصوصی پیغام بھی شرکا تک پہنچایا۔ کامسیٹس یونیورسٹی ایبٹ آباد کیمپس ہزارہ بھر کے طلبہ اور تعلیمی اداروں کے لیے ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔ یونیورسٹی کی جانب سے تعلیمی اداروں کے اساتذہ کی تربیت، طلبہ کی کاروباری و تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور انہیں عملی میدان کے لیے تیار کرنے کے اقدامات کیے جائیں گے۔ کامسیٹس یونیورسٹی کے پلیٹ فارم سے نوجوانوں کو Business Idea، Idea Pitching، Development، Business Plan Development اور Startup Incubation کے حوالے سے تربیت اور رہنمائی فراہم کی جائے گی۔ اس سلسلے میں Student Startup Business Center (SSBC) کو ایک اہم پلیٹ فارم قرار دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ SSBC نوجوانوں کے کاروباری خیالات کو تلاش کرنے، انہیں بہتر بنانے، ماہرین سے رہنمائی دلانے اور قابلِ عمل کاروباری منصوبوں میں تبدیل کرنے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔ کامسیٹس ایبٹ آباد کے طلبہ کے لیے شروع کی گئی Business Idea Drive کا بھی اعلان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ طلبہ اپنے کاروباری آئیڈیاز 20 ستمبر 2026 تک جمع کرا سکتے ہیں۔ انہوں نے طلبہ کو دعوت دی کہ وہ اپنے منفرد اور قابلِ عمل بزنس آئیڈیاز SSBC کے ذریعے پیش کریں تاکہ ان آئیڈیاز کو مزید بہتر بنانے اور عملی کاروبار میں تبدیل کرنے کے لیے یونیورسٹی کی جانب سے معاونت فراہم کی جا سکے۔ منتخب اور قابلِ عمل کاروباری آئیڈیاز کے حامل طلبہ کے لیے فنڈنگ کے مواقع، کام کرنے کی جگہ، کمپیوٹرز اور دیگر ضروری سہولیات، کمپنی رجسٹریشن کے حوالے سے رہنمائی، بزنس پلاننگ اور انکوبیشن سپورٹ فراہم کرنے کا انتظام کیا جائے گا۔ اس پورے عمل کا مقصد نوجوانوں کو صرف ملازمت حاصل کرنے کے قابل بنانا نہیں بلکہ انہیں اپنا کاروبار شروع کرنے اور مستقبل میں دوسروں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے قابل بنانا ہے۔ تقریب سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہارون رشید نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے نوجوان نسل کے مستقبل، تعلیمی اداروں کے تحفظ اور معاشرے کو جرائم اور منشیات سے پاک رکھنے کے حوالے سے پولیس کے کردار پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ پولیس نوجوانوں کے روشن اور محفوظ مستقبل کے لیے کوشاں ہے اور تعلیمی اداروں کے ساتھ ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ تعلیمی اداروں کو Drug-Free اور Crime-Free بنانا ایک مشترکہ ذمہ داری ہے جس کے لیے پولیس، تعلیمی اداروں، والدین اور معاشرے کے تمام طبقات کو مل کر کام کرنا ہوگا۔ DPO ہارون رشید نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ اپنی توانائیاں مثبت، تعمیری اور علمی سرگرمیوں میں استعمال کریں اور ملک و قوم کے بہتر مستقبل کی تعمیر میں اپنا کردار ادا کریں۔ تقریب سے اسسٹنٹ کمشنر افرسیاب ہندل نے بھی خطاب کیا۔ انہوں نے جدید ٹیکنالوجی، آٹومیشن اور سرکاری خدمات کی ڈیجیٹلائزیشن کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر ''مددگار'' کے نام سے متعارف کرائی جانے والی ایک ڈیجیٹل سہولت کے حوالے سے پریزنٹیشن بھی پیش کی۔

بقیہ 24

روز ان کے دفتر میں منعقد ہوا، جس میں ہزارہ ڈویژن کے تمام اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز، ضلعی صحت افسران اور انسداد پولیو ٹیموں کے نمائندگان نے ویڈیو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ اجلاس میں عالمی ادارہ صحت کے ایریا کوآرڈینیٹر ڈاکٹر خورشید نوید نے انسداد پولیو مہم کی تیاریوں اور دیگر متعلقہ امور سے متعلق بریفنگ دی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ 21 ستمبر سے شروع ہونے ہونے انسداد پولیو اس مہم کے دوران ہزارہ ڈویژن میں انسداد پولیو مہم کے دوران کل 788,992 بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس موقع پر کمشنر ہزارہ شاہد اللہ خان نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں بچوں تک سو فیصد رسائی اور کوریج کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے ہر مہم سے قبل عملی منصوبہ بندی کی مکمل اور جامع جانچ پڑتال ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ منصوبہ بندی کی مؤثر جانچ سے مہم کے معیار، رہ جانے والے بچوں اور دیگر خامیوں کی بروقت اور درست نشاندہی ممکن ہوگی، جس کے بعد ان خامیوں کا فوری ازالہ کر کے مہم کے نتائج کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ کمشنر ہزارہ نے ہدایت کی کہ تربیتی پروگراموں میں ضلعی صحت افسران خود شرکت کریں اور پولیو ٹیموں کی تربیت کے معیار کو یقینی بنائیں تاکہ فیلڈ میں ٹیمیں بہتر انداز میں اپنی ذمہ داریاں انجام دے سکیں۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم کا معیار ہر صورت اعلی ہونا چاہیے اور مہم کی کارکردگی کے تمام اشاریے مثبت نظر آنے چاہئیں نہ کہ منفی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران سامنے آنے والی تمام خامیوں اور کمزوریوں کی فوری نشاندہی کر کے ان کی بروقت اصلاح کی جائے تاکہ آئندہ مہم کے نتائج مزید بہتر بنائے جا سکیں۔ کمشنر ہزارہ نے مزید کہا کہ مؤثر منصوبہ بندی، مکمل کوریج، معیاری تربیت اور فیلڈ میں بھرپور نگرانی کے ذریعے انسداد پولیو مہم کو کامیاب بنایا جا سکتا ہے اور ملک کو پولیو جیسی موذی بیماری سے نجات دلانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو اپنا کردار مزید مؤثر انداز میں ادا کرنا ہوگا۔

بقیہ 25

نئی سیاسی صف آرائی کا فیصلہ کیا ہے، ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے رہنما کیپٹن (ر) محمد صفدر کی جانب سے ناراض ساتھیوں کو دوبارہ منانے اور نئی سیاسی شخصیات کو جماعت میں شامل کرنے کی کوششوں کے بعد پی ٹی آئی نے بھی مانسہرہ میں اہم سیاسی شخصیات سے رابطے شروع کر دیے ہیں ذرائع کے مطابق مسلم لیگ (ن) کو ٹف ٹائم دینے کے لیے ایک نئے سیاسی گروپ کی تشکیل پر مشاورت جاری ہے، جس میں زاہد چن زیب، نعیم سخی تنولی اور شیخ محمد شفیع کے نام شامل ہیں۔ مجوزہ حکمت عملی کے تحت زاہد چن زیب کو این اے 15 مانسہرہ، نعیم سخی تنولی کو اگرور کے صوبائی حلقہ پی کے 39 جبکہ شیخ محمد شفیع کو پی کے 38 سے پی ٹی آئی کے پلیٹ فارم پر میدان میں اتارنے کی تجویز زیر غور ہے، تاہم حتمی فیصلہ پارٹی قیادت کرے گی۔ اس مجوزہ گروپ میں نعیم سخی تنولی اور شیخ محمد شفیع کی شمولیت اس لیے بھی اہم قرار دی جا رہی ہے کہ دونوں ماضی میں کیپٹن (ر) محمد صفدر کے قریبی ساتھی رہے ہیں۔ نعیم سخی تنولی مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ پر پی کے 38 سے رکن صوبائی اسمبلی رہ چکے ہیں جبکہ 2024 کے عام انتخابات میں بھی اسی حلقے سے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار تھے۔ شیخ محمد شفیع مانسہرہ کے تحصیل چیئرمین رہ چکے ہیں۔ ذرائع کے مطابق انہیں تحصیل چیئرمین کے لیے مسلم لیگ (ن) کا ٹکٹ دلوانے میں نعیم سخی تنولی کا کردار اہم تھا، جس کے باعث دونوں کے درمیان سیاسی قربت رہی۔ یوں ماضی میں ایک ہی سیاسی حلقے سے وابستہ رہنے والی یہ شخصیات اب ممکنہ طور پر نئے سیاسی پلیٹ فارم پر اکٹھی ہونے جا رہی ہیں۔ ذرائع کے مطابق کیپٹن صفدر کی جانب سے مسلم لیگ (ن) کے ناراض ساتھیوں کو منانے، پرانے رابطے بحال کرنے اور نئی سیاسی شخصیات کو جماعت میں شامل کرنے کی سرگرمیوں نے مانسہرہ میں سیاسی ماحول کو ایک بار پھر گرم کر دیا ہے۔ اس صورتحال کے جواب میں پی ٹی آئی نے بھی اپنے سیاسی رابطوں کا دائرہ وسیع کیا ہے اور مقامی سطح پر اثر ورسوخ رکھنے والی شخصیات کو ساتھ ملانے کی کوششیں شروع کی ہیں۔ زاہد چن زیب کا نام بھی اس سیاسی پیش رفت میں نمایاں ہے۔ 2024 کے انتخابات میں وہ پی کے 38 سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ امیدوار کی حیثیت سے کامیاب ہوئے تھے جبکہ نعیم سخی تنولی مسلم لیگ (ن) کے امیدوار کی حیثیت سے ان کے مدمقابل تھے۔ ذرائع کے مطابق اب دونوں کو ایک ہی سیاسی گروپ میں لانے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ سیاسی حلقوں کے مطابق مانسہرہ میں آئندہ انتخابات کے تناظر میں سیاسی جوڑ توڑ کا آغاز ہو چکا ہے اور مختلف دھڑوں کے درمیان رابطے جاری ہیں۔ اگر زیرِ غور سیاسی رابطے عملی شکل اختیار کرتے ہیں تو اس کے نتیجے میں این اے 15 اور ملحقہ صوبائی حلقوں میں انتخابی سیاست کا منظرنامہ تبدیل ہو سکتا ہے۔ تاہم نئے گروپ، ممکنہ امیدواروں اور پارٹی ٹکٹوں کے حوالے سے حتمی صورتحال آنے والے دنوں میں مزید واضح ہوگی۔

بقیہ 26

کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا قانون کی پاسداری سب کے لئے ضروری ہے قانون سے کوئی بھی بالا نہیں، ایس ایچ او تھانہ پھلڑہ اورنگزیب تنولی نے کہا ہے کہ علاقہ میں امن امان برقرار رکھنے کے لئے قانون شکن عناصر کے خلاف بدستور کارروائی کا سلسلہ جاری رہے گا جرائم پیشہ افراد کو جرائم سے توبہ کرنا ہوگی یا علاقہ چھوڑنا ہوگا قانون کی پاسداری سب کے لئے ضروری ہے کیونکہ قانون سے کوئی بھی بالا نہیں ہے حکام بالا کی ہدایت پر سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن اور اسی طرح داخلی و خارجی راستوں کی ناکہ بندی بدستور جاری رکھے ہوئے ہیں

بقیہ 27

اشیائے خوردونوش، کاروبار اور روزمرہ زندگی ہر چیز متاثر ہوتی ہے۔ ایک طرف مزدور، رکشہ ڈرائیور، موٹرسائیکل سوار اور تنخواہ دار طبقہ اپنے محدود آمدن میں گھر چلانے کے لیے پریشان ہے، تو دوسری طرف سوال یہ ہے کہ ملک کے معاشی مشکل حالات میں حکومتی اخراجات اور مراعات یافتہ طبقے کی غیر ضروری مراعات میں کمی کب ہوگی؟ اگر عوام سے قربانی مانگی جا رہی ہے تو وزرا، اعلی حکام اور مراعات یافتہ طبقے کو بھی سادگی اور کفایت شعاری اختیار کرنا ہوگی۔ سرکاری گاڑیوں، اضافی ایندھن، غیر ضروری مراعات اور حکومتی اخراجات میں کمی کر کے حاصل ہونے والی بچت عوامی ریلیف پر خرچ کی جائے۔ عوام کو صرف وعدے نہیں، عملی ریلیف چاہیے! پٹرول مہنگا ہے تو حکمران بھی کفایت کریں، عوام مشکل میں ہیں تو اقتدار کے ایوان بھی سادگی اختیار کریں!

بقیہ 28

گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم مقدمہ علت نمبر 749 مورخہ 5 اگست 2015 میں تھانہ حویلیاں کو مطلوب تھا۔ کارروائی کے بعد ملزم کو حسب ضابطہ گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا گیا۔

بقیہ 29

پوزیشن حاصل کر کے ڈی ایس پی کے عہدے کے لیے کوالیفائی کر لیا۔ ان کی شاندار کامیابی کو محنت، قابلیت اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کا مظہر قرار دیا جا رہا ہے۔ اہلِ علاقہ، دوست احباب اور ساتھیوں نے سید توقیر شاہ کو کامیابی پر مبارکباد دیتے ہوئے مستقبل میں مزید کامیابیوں کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔

بقیہ 30

کہ معاملے کے حل کیلئے ایک کمیٹی تشکیل دی جائے، جو ریڑھی بانوں کے نمائندگان اور انتظامیہ کے ساتھ مل کر صورتحال کا جائزہ لے گی اور ایسا قابلِ عمل و متوازن حل تلاش کرے گی جس سے شہر کی خوبصورتی و نظم و ضبط برقرار رکھنے کے ساتھ محنت کش ریڑھی بانوں کے روزگار کا بھی تحفظ ممکن ہو۔

بقیہ 31

اس اہم قومی معاملے پر کھل کر اپنا مقف کیوں بیان نہیں کرتی؟ اور اگر یہ سردار محمد یوسف کا ذاتی سیاسی مقف ہے تو وفاقی کابینہ کے ایک اہم وزیر کی حیثیت سے پارٹی پالیسی سے اس اختلاف کی وضاحت بھی ضروری ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ صوبوں کے قیام جیسے حساس اور بڑے قومی معاملے کو محض سیاسی بیانات تک محدود رکھنے کے بجائے سیاسی جماعتوں کو اپنی پالیسی واضح کرنی چاہیے۔ بالخصوص مسلم لیگ ن کو یہ بتانا ہوگا کہ نئے صوبوں کے قیام کے بارے میں اس کی اصل سوچ کیا ہے۔ دوسری جانب یہ سوال بھی اپنی جگہ موجود ہے کہ کیا سردار محمد یوسف پارٹی قیادت کی خاموش منظوری کے ساتھ صوبوں کے قیام کے لیے متحرک ہیں یا وہ یہ کردار اپنی سیاسی حیثیت میں ادا کر رہے ہیں؟ مسلم لیگ ن کی اعلی قیادت کی جانب سے اس سوال کا واضح جواب سامنے نہ آنے کے باعث معاملہ تاحال سیاسی ابہام کا شکار ہے۔

بقیہ 32

دفتر کے تمام متعلقہ اہلکار بھی کھلی کچہری میں موجود رہے اور شہریوں کے مسائل کو بروقت فالو اپ اور ضروری کارروائی کے لیے نوٹ کیا۔

بقیہ 33

سے کرائم میٹنگ میں دی گئی ہدایات کے مطابق تھانہ اوگی، تھانہ دربند، تھانہ پھلڑہ اور لساں نواب کو ہدایت کی ہے کہ اپنے اپنے تھانہ جات کی حدود میں سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن جاری رکھتے ہوئے داخلی اور خارجی راستوں پر ناکہ بندیاں کریں اسی طرح رات کے وقت گشتوں کا ہونا بھی ضروری ہے ہر تھانہ قانون کو مطلوب افراد کی گرفتاری کے لئے متحرک رہے

بقیہ 34

اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے جیل حکام سے ملاقات کی اور قیدیوں کے انسانی حقوق کے تحفظ، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور اصلاحی اقدامات کو مزید مؤثر بنانے پر زور دیا۔ انہوں نے قیدیوں سے براہِ راست ملاقات کر کے ان کے مسائل اور شکایات بھی سنیں اور متعلقہ حکام کو ضروری اقدامات کے لیے موقع پر ہدایات جاری کیں۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ محکمہ تعلیم کے تعاون سے جیل میں قیدیوں کے لیے فرنیچر اور کتابوں کی فراہمی کے ساتھ روزانہ کی بنیاد پر تعلیمی کلاسز کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جہاں انہیں معاشرتی علوم کے ساتھ ساتھ دینی تعلیم بھی فراہم کی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ قیدیوں کی اصلاح، تعلیم و تربیت اور انہیں معاشرے کا مفید شہری بنانے کے لیے تعلیمی و اصلاحی سرگرمیوں کا تسلسل ضروری ہے۔ ضلعی انتظامیہ انسانی حقوق کے تحفظ، بنیادی سہولیات کی فراہمی اور جیل کے نظام کو مزید مؤثر و شفاف بنانے کے لیے اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ 35

کی اور متعلقہ موضوعات پر سیر حاصل گفتگو کی۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال نے بتایا کہ 21 سے 25 ستمبر تک ضلع ایبٹ آباد میں انسدادِ پولیو مہم جاری رہے گی، جس کے دوران پولیو ٹیمیں بچوں کو ان کی دہلیز پر پولیو سے بچا کے قطرے پلائیں گی۔ انہوں نے والدین سے اپیل کی کہ پانچ سال تک عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے ضرور پلوائیں اور پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کریں۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال نے بتایا کہ ضلع کی 54 یونین کونسلوں میں 54 یوسی ایم اوز، 360 ایریا انچارجز، 1570 موبائل ٹیمیں، 65 فکسڈ ٹیمیں، 33 ٹرانزٹ ٹیمیں اور 5 رومنگ ٹیمیں خدمات انجام دیں گی، جبکہ مجموعی طور پر 1673 ٹیمیں مہم میں حصہ لیں گی۔ عالمی ادارہ صحت کا معاون عملہ بھی مہم کے دوران نگرانی اور معاونت فراہم کرے گا۔ مہم کے دوران 217,917 بچوں کو پولیو سے بچا کے قطرے پلانے اور 168,897 گھروں کا دورہ کرنے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں رواں سال اب تک پولیو کے چار کیسز رپورٹ ہوئے ہیں، جن میں تین خیبر پختونخوا اور ایک سندھ سے ہے۔ خیبر پختونخوا میں کیسز بنوں اور شمالی وزیرستان سے رپورٹ ہوئے ہیں جبکہ سندھ میں ضلع سجاول سے کیس سامنے آیا ہے۔ انہوں نے والدین پر زور دیا کہ پانچ سال تک عمر کے ہر بچے کو ہر انسدادِ پولیو مہم کے دوران پولیو کے قطرے لازمی پلوائے جائیں، کیونکہ پولیو سے بچا کا مؤثر ذریعہ بروقت اور مکمل ویکسینیشن ہے۔ ڈاکٹر شہزاد اقبال نے بدلتے موسم کے باعث موسمی بیماریوں کے رجحانات کے حوالے سے بتایا کہ اس دوران ڈائریا، ٹائیفائیڈ، فلو، کھانسی، بخار اور ڈینگی سمیت مختلف بیماریاں سامنے آتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈینگی مچھر کی افزائش اور متاثرہ علاقوں سے آنے والے افراد کے باعث پھیل سکتا ہے۔ ضلع ایبٹ آباد میں ڈینگی کے 18 کیسز رپورٹ ہوئے تھے، جن میں سے بیشتر مریض صحت یاب ہو کر گھروں کو جا چکے ہیں جبکہ اس وقت 4 سے 5 مریض زیر علاج ہیں۔ ڈینگی کے تدارک کے لیے متاثرہ علاقوں میں فوگنگ اور مفت طبی کیمپس کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ انہوں نے شہریوں کو ہدایت کی کہ کسی بھی بیماری کی علامات ظاہر ہونے کی صورت میں مستند ڈاکٹر سے رجوع کریں۔ آلودہ اور غیر معیاری خوراک کے استعمال سے گریز کیا جائے، جبکہ فلو، کھانسی یا بخار کی صورت میں احتیاطی تدابیر اختیار کرتے ہوئے اجتماعات میں جانے سے گریز، ماسک کے استعمال اور مناسب سماجی فاصلہ برقرار رکھنے کو ترجیح دی جائے۔ بچوں کی غذائیت کے حوالے سے ڈاکٹر شہزاد اقبال نے کہا کہ متوازن اور غذائیت سے بھرپور خوراک بچوں کی جسمانی و ذہنی نشوونما اور قوتِ مدافعت کے لیے انتہائی ضروری ہے۔ والدین بچوں کی خوراک میں دودھ، انڈے، دالیں، سبزیاں، پھل اور دیگر غذائیت بخش اشیا شامل کریں اور صاف پانی کے استعمال کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ غذائی کمی بچوں کی نشوونما اور صحت کو متاثر کر سکتی ہے، اس لیے بچوں کی صحت، وزن اور نشوونما پر باقاعدگی سے نظر رکھنا ضروری ہے۔

بقیہ 36

رکنی بینچ نے درخواست ضمانت کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران نیب پراسیکیوٹر نے ناصرالدین بابر پر اختیارات کے مبینہ ناجائز استعمال اور اسکینڈل کے مرکزی ملزم قیصر اقبال کی مبینہ معاونت کا الزام عائد کرتے ہوئے عدالت کو بتایا کہ ملزم نے مبینہ طور پر مرکزی ملزم سے مالی فوائد حاصل کیے۔ وکیل صفائی نے نیب کے الزامات مسترد کرتے ہوئے موقف اختیار کیا کہ ان کے موکل کے خلاف کوئی ٹھوس ثبوت موجود نہیں۔ فریقین کے دلائل سننے کے بعد عدالت نے درخواست ضمانت منظور کرتے ہوئے ناصرالدین بابر کو ضمانت پر رہا کرنے کا حکم جاری کر دیا۔

بقیہ 37

شہید راشد کوملی ہے اس کے لئے ہر مسلمان دعا کرتا ہے شہادت کے رتبہ پر خوش نصیب لوگ فائز ہوتے ہیں وحید انجم خان محمد راشد شہید کے والد شیر زمان سے تعزیت کی اور شہید کے درجات بلندی کی دعا کی

بقیہ 38

جی ریسکیو 1122 شاہ فہد پانچ ہفتوں کی تربیت کے سلسلے میں بیرون ملک ہیں۔ ذرائع کے مطابق ان کی عدم موجودگی کے باعث تاحال نئے ڈائریکٹر جنرل کی تعیناتی نہیں کی گئی۔ ریسکیو 1122 صوبے میں ہنگامی صورتحال کے دوران امدادی کارروائیوں کی ذمہ داری انجام دیتا ہے۔

بقیہ 39

اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن کے ضلعی جنرل سیکرٹری صبور رضا خان اور سینئر وائس چیئرمین حاجی محمد رفیق کی جانب سے مانسہرہ میں رٹ دائر کر دی گئی ہے۔ ذرائع کے مطابق درخواست میں مبینہ طور پر غیر قانونی اور جعلی کابینہ کی تشکیل سمیت دیگر امور کو عدالت کے سامنے اٹھایا گیا ہے۔ باخبر ذرائع کے مطابق رٹ درخواست میں مقف اختیار کیا گیا ہے کہ مانسہرہ کیمسٹ ایسوسی ایشن کے معاملات میں قواعد و ضوابط اور تنظیمی طریقہ کار کو مدنظر رکھتے ہوئے فیصلے کیے جانے چاہئیں جبکہ مبینہ طور پر بوگس کابینہ کی تشکیل سے متعلق تحفظات پائے جاتے ہیں درخواست گزاروں نے عدالت سے معاملے کا قانونی جائزہ لینے اور متعلقہ فریقین کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی استدعا کی ہے ذرائع کا کہنا ہے کہ مذکورہ رٹ پر سیشن کورٹ مانسہرہ میں 30 ستمبر 2026 کو سماعت مقرر کی گئی ہے۔ جس کے بعد معاملے کی قانونی صورتحال مزید واضح ہونے کی توقع ہے دوسری جانب کیمسٹ برادری میں بھی تنظیمی معاملات کے حوالے سے مختلف آرا سامنے آ رہی ہیں جبکہ متعلقہ فریقین کی جانب سے عدالت میں اپنا مقف پیش کیے جانے کے بعد ہی اصل صورتحال مزید واضح ہوگی۔ عدالت کی جانب سے آئندہ سماعت پر درخواست اور فریقین کے مقف کا جائزہ لیا جائے گا۔

بقیہ 40

تجاوزات سے متعلق درخواست کی روشنی میں موقع پر جاری کام کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر تقریبا 2 کلومیٹر طویل سڑک کے مختلف مقامات پر تجاوزات کی نشاندہی کی گئی۔ موقع کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد ڈسٹرکٹ بورڈ کی اراضی سے تجاوزات کے خاتمے کے لیے ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 41

گے۔ سپریم کورٹ کی تمام رجسٹریوں لاہور، پشاور، کوئٹہ اور کراچی میں ججز کی مستقل تعیناتی اور وکلا کے لئے ہاسٹل کی سہولت دیں گے تاکہ سائلین کو فوری انصاف کی فراہمی کو ممکن بنایا جا سکے۔ وکلا کو ہاسنگ سکیم میں گھروں کی تعمیر کے لئے دو کروڑ تک قرض کی سہولت بھی دی جائے گی۔ انتخابی مہم کے دوران پاکستان بھر کی بار میں وکلا نے مسائل بتائے ہیں۔ سپریم کورٹ میں مقدمات کی تاخیر نظام کی خرابی ہے جس کے لئے پارلیمان کو اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ سویلین کے ملٹری ٹرائل کی کبھی حمایت نہیں کی عمران خان کے دور میں 25 سویلین کے ٹرائل ہوئے عمران خان اور سابق اسپیکر اسد قیصر کو باضابطہ خطوط بھی لکھے لیکن وہ نہیں مانے۔ 18 ویں ترمیم کے بعد ججز کی تعیناتیوں میں پارلیمان کے اختیار کو محدود کر دیا گیا جس کی بار نے سخت مخالفت کی تھی۔ آئینی عدالت کے لئے میثاق جمہوریت میں تمام سیاسی جماعتوں کی مشاورت شامل تھی جس کی بار نے بھی حمایت کی تھی تاکہ سیاسی مقدمات کا بوجھ سپریم کورٹ پر نہ پڑے۔ بار کونسل کے انتخاب میں وکلا اعتماد کریں تمام ویلفیئر کے منصوبے مکمل کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے یہاں ایبٹ آباد میں میڈیا سے خصوصی نشست میں کیا۔ صدارتی امیدوار پاکستان بار کونسل سید امجد شاہ کا کہنا تھا 18 ترمیم کے بعد ججز کی تعیناتی میں پارلیمان کو محدود کرنے کی بار کونسل نے مخالفت کی تھی اس سے پہلے ہائیکورٹ کا جج دو بندے لگا سکتا تھا دنیا کے دیگر ممالک انڈیا، آسٹریلیا، انگلینڈ، بنگلہ دیش، اور سری لنکا میں آج بھی یہ نظام موجود ہے۔ لیکن پاکستان واحد ملک ہے جہاں امریکین نظام کی طرح ججز کی تعیناتی ججز کر رہے ہیں۔ سید امجد شاہ کا کہنا تھا سپریم کورٹ میں مقدمات کی تاخیر ججز اور وکلا کی غلطی نہیں۔ فوری ٹرائل اور تاخیر کو ختم کرنے کے لئے بہت سے سیمینارز کروائے 20 سے 25 سال تک مقدمات کا فیصلہ نہ ہونا نظام کی خرابی ہے جس کو پارلیمان میں بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان بار کونسل سویلین کے ملٹری ٹرائل کی ہمیشہ مخالف رہی ہے عمران خان کے دور میں 25 ٹرائل ہوئے عمران خان اور اسد قیصر کو باضابطہ خطوط لکھے لیکن اس کا کوئی جواب نہیں ملا۔ سویلین کے ملٹری ٹرائل سے نفرت پھیلتی ہے۔ اس کے لئے حکومت اور اپوزیشن کو مل بیٹھ کر حل نکالنا ہوگا۔ بدقسمتی سے 70 سال میں سیاسی قیادت نے سوچ کو تبدیل نہیں کیا، اپوزیشن میں انقلابی ہوتے ہیں جب حکومت میں جائیں تو بھول جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ وکلا نے انتخابی مہم کے دوران مسائل سے آگاہ کیا ہے بہاولپور اور ملتان میں ویڈیو لنک کے مسائل حل کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ وکالت عاجزی کا نام ہے تشدد کا نہیں۔ ہمارے پس پریشان لوگ آتے ہیں ہمارے رویہ سے ان کو مایوسی ہوگی۔ اپنا مقدمہ شور کے بجائے دلیل سے پیش کریں۔ اور ینگ وکلا اپنا کتاب سے رشتہ مضبوط بنائیں۔ انہوں نے کہا کہ الزام لگانے والوں نے احسن بھون اور عاصمہ جہانگیر پر لگائے۔ الزام تراشیوں کا جواب نہیں دیتا۔ وکلا 35 برس سے جانتے ہیں اعتماد کریں ویلفیئر کے تمام منصوبے مکمل کریں گے۔

بقیہ 42

جنرل کونسلر لہراسب خان، فیاض خان نے اپنے علاقہ کے مسائل سے آگاہ کیا اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہم ایم این اے علی اصغر خان اور ایم پی اے افتخار خان جدون سے مطالبہ کیا ہے کہ اس دور جدید کی بنیادی سہولیات سے محروم ہیں تعلیمی گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کو گورنمنٹ گرلز ہائی سکول کا درجہ دیا جائے ہائی سکول نہ کی وجہ سے زیادہ تر بچیاں آگے تعلیم نہیں حاصل کر سکتیں اور تعلیمی زیور سے محروم ہو جاتی ہیں بجلی، پانی اور روڈ کے مسائل بھی سہر فرست ہیں جس سے اہلیان علاقہ سخت مشکلات سے دوچار ہیں ان منتخب عوامی نمائندوں سے اس علاقہ کے مسائل پر خصوصی توجہ دی جائے تاکہ دور جہالت سے نکل کر بنیادی سہولیات سے مستفید ہو سکیں اور ان محرومیوں کا ازالہ ہو سکے۔

بقیہ 43

نہیں کہ پارٹی مضبوط اور فعال نہ ہو سکے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی سیکرٹریٹ میں ہفتہ وار پارٹی اجلاس کے موقع پر کیا انہوں نے کہا پاکستان مسلم لیگ (ن) نے ہمیشہ ملک وقوم کو مسائل سے نکال کر صحیح سمت پر گامزن کیا مسلم لیگ ن کے ضلعی سیکرٹری اطلاعات ملک سہیل اعوان نے تفصیل بتاتے ہوئے کہا کہ ضلعی سیکرٹریٹ میں ہفتہ وار اجلاس کا انعقاد کیا گیا اجلاس کی صدارت ضلعی صدر ملک محبت اعوان اور تحصیل صدر خرم خان جدون نے کی اجلاس میں تنظیمی امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور باہمی مشاورت سے فیصلہ کیا گیا کہ مسلم لیگ)ن(یوتھ ونگ ٹریڈ ونگ ضلع ایبٹ آباد کی باڈی کو جلد از جلد مکمل کی جائے گا اجلاس میں آمدہ کینٹ بورڈ کے الیکشن پر تفصیلی گفتگو کی گئی اجلاس میں ضلعی سیکرٹریٹ آمد پر سابق امیدوار صوبائی اسمبلی ساجد خان جدون کو خوش آمدید کہا گیا ضلعی سیکرٹریٹ آمد پر ساجد خان جدون نے خوشی کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی صدر ملک محبت اعوان کو خراج تحسین پیش کیا اس موقع پر مسلم لیگ (ن) کے ضلعی نائب صدر احمد نواز خان جدون نائب صدر ضلع عنایت شاہ نائب صدر ضلع ملک یاسر نائب صدر ضلع ملک واجد تحصیل صدر لوہر تناول تاج محمد تنولی سٹی جنرل سیکرٹری سردار ظہیر کینٹ جنرل سیکرٹری ارشد محمود تحصیل نائب صدر سردار پرویز ضلعی جوائنٹ سیکرٹری سردار عامر شہزاد ضلعی جوائنٹ سیکرٹری راشد خان جدون ضلعی جوائنٹ سیکرٹری محمد ظہیر تحصیل جوائنٹ سیکرٹری بابو رشید سٹی نائب صدر یثرب ودیگر موجود تھے اجلاس میں صوبائی سیکرٹری اطلاعات شفیع جان کے بیان کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی ضلعی صدر ملک محبت اعوان نے ہدایات جاری کی کہ مسلم لیگ (ن) ضلع ایبٹ آباد کے تمام ونگز کے عہدیداران ضلعی سیکرٹریٹ میں ہفتہ وار پارٹی اجلاس میں اپنی شرکت یقینی بنائے

بقیہ 44

انہوں نے کہا کہ ملک پر مشکل وقت اور آزمائشیں لانے والے آج بھی بلاخوف شاہانہ زندگی گزار رہے ہیں جبکہ اپنے خون پسینے کی کمائی سے درجنوں قسم کے ظالمانہ ٹیکسز دینے والے غریب اور سفید پوش عوام ابھی تک زندگی کی بنیادی ضروریات سے محروم چلے آ رہے ہیں۔

بقیہ 45

سرگرمیوں کے فروغ میں ہر ممکن کردار ادا کریں گے ان خیالات کا اظہار سابق چیئرمین کینٹ بورڈ حویلیاں سردار سید اکثر خان اور ممتاز سیاسی شخصیت سردار ذوالقرنین حیدر نے چمبہ میں باسکٹ بال چیمپئن شپ کے فائنل میچ میں کھلاڑیوں سے خطاب کرتے ہوئے کیا سردار سید اکثر خان نے کہا کہ تحصیل حویلیاں میں نوجوانوں میں ملکی سطح کا ٹیلنٹ موجود ہے اگر مقامی قیادت اور حکومتی ادارے ان نوجوانوں کی سرپرستی اور حوصلہ افزائی کریں تو یہ نوجوان اپنے علاقے کا نام روشن کر سکتے ہیں ٹورنامنٹ کے اختتام پر دونوں شخصیات نے جیتنے والی ٹیم کے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیئے۔

بقیہ 46

ایچ او تھانہ کوٹ نجیب اللہ، خالد خان نے روایتی دبنگ انداز میں خود تمام معاملے کی کمان سنبھال لی۔ خبر کا فوری نوٹس لیتے ہوئے وہ بلاتاخیر خود موقع پر پہنچے، سکول انتظامیہ سے بلاواسطہ بات چیت کی سکول انتظامیہ نے اس بات سے لاعلمی کا اظہار کرتے ہوئے بتایا کہ سکول میں والدین یا بچیوں کی طرف سے ایسی کوئی کمپلین موجود نہیں ہے اس کے باوجود ایس ایچ او خالد خان نے چھٹی کے وقت سکول کو جانے والے تمام راستوں کی خود گشت کر کے کڑی نگرانی کی۔ تفصیلی جائزے کے بعد یہ بات ثابت ہوگئی کہ موقع پر بھی ایسے کوئی بھی افراد موجود نہ تھے اور سوشل میڈیا پر چلنے والی خبر محض بے بنیاد افواہ ہے اسکول کے اطراف میں موجود دکاندار حضرات و شہریوں کی جانب سے بھی اس بات کی تردید کی گئی خالد خان نے سکول انتظامیہ کو سختی سے ہدایات جاری کی کہ بچیوں کے معاملے میں کوئی بھی کمی برداشت نہیں کی جائے گی سکول کے چوکیداروں کو بتایا گیا کہ کسی بھی مشکوک شخص کو دیکھیں تو فوری طور پر تھانہ کوٹ نجیب اللہ میں اطلاع دیں ان عوام کی جانب سے یہ کہا گیا کہ جب سے ایس ایچ او خالد خان نے تھانے کا چارج سنبھالا ہے، پورے علاقے کی عوام نے سکھ کا سانس لیا ہے۔ انہوں نے چوری، چکاری، راہزنی اور شرپسند عناصر کے خلاف گھیرا تنگ کر کے ان کی کمر توڑ دی ہے، جس کی وجہ سے عوام میں ان کی مقبولیت اور احترام میں بے پناہ اضافہ ہوا ہے حقائق واضح کرتے ہوئے ایس ایچ او خالد خان نے سخت اور واضح پیغام جاری کیا شرپسند عناصر کے لیے میرے حلقے میں کوئی جگہ نہیں ہے۔ عوام کے لیے تھانہ کوٹ نجیب اللہ اور میرے دفتر کے دروازے 24 گھنٹے کھلے ہیں، اگر کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو وہ بلاجھجک رابطہ کر سکتا ہے

بقیہ 47

شہر کی گلیوں سڑکوں چوکوں چوراہوں میں آوارہ کتے غولوں کی صورت میں گھوم پھر رہے ہیں انتظامیہ کو بار ہا مرتبہ یاد دہانی کے باوجود کوئی عمل درآمد نہیں کئی راہ گیر بڑے چھوٹے بچوں بچیوں کو یہ آوارہ کتے نقصان پہنچا رہے ہیں لیکن انکے خاتمے کیلئے کوئی قدم نہیں اٹھایا جا رہا تفصیلات کے مطابق گزشتہ کئی دنوں سے حویلیاں شہر کے اندر آوارہ کتوں نے شہریوں کے لیے دردسر بنا رکھا ہے سکولوں چھوٹے بچے کئی مرتبہ ان آوارہ کتوں نے زخمی کر چکے ہیں جبکہ بھی انتظامیہ کو اس طرف شہریوں نے نشاندہی کروا تو عوام کو لولی پاپ دے کر ٹرخایا جا رہا ہے شہریوں نے ڈپٹی کمشنر ایبٹ آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس طرف خصوصی توجہ دیں اور شہریوں کی اس عذاب سے جان چھڑا کر سکون کا لمحات فراہم کریں

بقیہ 48

جشنِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کے سلسلے میں مدرسہ غوثیہ فیض القرآن، گاں جموں پہائی میں عظیم الشان روح پرور محفلِ میلاد کا انعقاد کیا گیا، جس میں علما کرام، مشائخ عظام، نعت خواں حضرات اور عاشقانِ رسول ﷺ نے کثیر تعداد میں شرکت کی محفل کی، صدارت الحاج پیر غلام فرید نقشبندی نے کی جبکہ پیر سید اخلاق حسین شاہ کی سرپرستی میں منعقدہ محفل کے مہمانِ خصوصی پیر سید پناہ حسین شاہ تھے۔ اس موقع پر صاحبزادہ پیر سید حیدر شاہ، صاحبزادہ پیر انوار العارفین نے خصوصی خطاب جبکہ پیر سید شیر حسین نے نعت شریف پیش کرنے کی خصوصی سعادت حاصل کی، جبکہ ان کے علاوہ دیگر مذہبی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں خصوصی خطاب کرتے ہوئے خطیبِ پاکستان قاری حافظ اصف امین نورانی نے کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی سیرتِ طیبہ پوری انسانیت کے لیے مشعلِ راہ ہے، آپ ﷺ سے سچی محبت کا تقاضا ہے کہ مسلمان اپنی زندگیوں کو سنت رسول ﷺ کے مطابق ڈھالیں اور آپ ﷺ کی تعلیمات کو عملی زندگی کا حصہ بنائیں، انہوں نے کہا کہ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کی محافل محبتِ رسول ﷺ کو اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ سیرتِ طیبہ پر عمل پیرا ہونے کا جذبہ بھی پیدا کرتی ہیں، محفل میں نقابت کے فرائض صاحبزادہ شوکت اعجاز حسن ابدال نے انجام دیے جبکہ نعت خواں حضرات نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں عقیدت کے پھول نچھاور کیے، مقررین نے سیرتِ طیبہ ﷺ، عشقِ رسول ﷺ، اتباعِ سنت اور تعلیماتِ نبوی ﷺ کے مختلف پہلوں پر روشنی ڈالی، اختتام پر الحاج پیر غلام فرید نقشبندی نے ملک وقوم کی سلامتی، ترقی و خوشحالی، امت مسلمہ کے اتحاد اور عالم اسلام کے امن واستحکام کے لیے خصوصی دعا کرائی۔

بقیہ 49

علیل ہوگئے، پارٹی رہنماں نے عیادت کی، تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی ہزارہ کیڈویژنل صدر ملک فاروق تنولی کی ناسازیِ صحت کی اطلاع پر پارٹی قیادت کی طرف سے گزشتہ روز سابق صوبائی وزیر و سینئر پارٹی رہنما سید احمد حسین شاہ لالہ میر افضل اعوان صدر ڈسٹرکٹ مانسہرہ سید نادر علی ترمزی صدر ڈسٹرکٹ ہری پور جہانزیب خان تنولی سردار تیمور حبیب عباسی و دیگر ضلعی عہدیداروں نے ملک فاروق تنولی کی رہائشگاہ پر ان کی عیادت کی اور خیریت دریافت کی اس موقع پر قائدین نے ملک فاروق تنولی کی جلد صحت یابی کے لیے دعا کرتے ہوئے کہا کہ ملک فاروق تنولی پارٹی کا قیمتی سرمایہ ہیں جن کی پارٹی خدمات ہزارہ ڈویژن میں ناقابل فراموش ہیں ملک فاروق تنولی نے تمام پارٹی رہنماؤں کی آمد اور نیک تمناں پر ان کا شکریہ ادا کیا اور پارٹی کی مضبوطی کے لیے اپنے عزم کا اعادہ کیا جبکہ اس دوران پارٹی رہنماں و دیگر نے پارٹی ہزارہ ڈویژن کی تنظیم سازی اور آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالہ سے بھی مشاورت و تبادلہ خیال کیا

بقیہ 50

جس ننیارا گجر قومی اتحاد و ویلفیئر ٹرسٹ کی سینئر قیادت شریک ہوئے۔ تقریب کا آغاز باقاعدہ تلاوت قرآن پاک سے ہوا۔ حاجی سید رسول نے تقریب کا ایجنڈا بتاتے ہوئے کہا کہ ننیارا گجر قومی اتحاد و ویلفیئر ٹرسٹ عوامی خدمت کیلئے کام کر رہی ہے اور یہ کسی ایک قوم کیلئے نہیں ہے بلکہ بلاتفریق عوامی خدمت کے جذبہ سے کام کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ کچھ عرصہ قبل جگوڑی لمی پٹی کے سردار عبد الرزاق کی گاڑی کو حادثہ پیش آیا اللہ پاک نے انسانی جانوں کو محفوظ رکھا لیکن گاڑی کو شدید نقصان پہنچا جس پر ننیارا گجر قومی اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ نے اس نقصان کو پورا کرنے کیلئے تقریباً ساڑھے چھ لاکھ روپے جمع کیئے جو آج متاثرہ شخص کے حوالے کر رہے ہیں۔ اس تقریب میں دیگر بھی لوگوں نے اپنے خیالات کیا اور ننیارا گجر قومی اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ کے قیام کو سراہا ان کی تعریف کی۔

بقیہ 51

بچوں بوڑھوں عام شہریوں کو خطرہ لائق متعلقہ ادارے فوری اقدامات کریں شہریوں کا ضلع انتظامیہ سے مطالبہ تفصیلات کے مطابق ایبٹ آباد کے تیسرے گنجان ترین علاقہ قلندر آباد میں آوارہ بیمار کتوں کی بھرمار سکول جاتے بچے بڑے بزرگ عام شہریوں کو شدید خطرات لائق قلندر آباد اور اس کے اردگرد کے علاقوں میں آوارہ کتوں کی بھرمار ہے جن میں سے اکثر کتے خارش کی بیماری کا شکار ان بیمار کتوں کی بازاروں میں مٹرگشت کی وجہ سے کھانے پینے کی اشیا کے متاثر ہونے کا خطرہ موجود ہے شہریوں کے تحفظ کے لیے ضلع انتظامیہ فوری ایکشن لے تاکہ شہریوں کو بیمار کتوں سے بچایا جا سکے

بقیہ 52

کابینہ کی حلف برداری کی تقریب 20 ستمبر بروز اتوار دن دس بجے حوریہ کالج آف فارمیسی اینڈ الائیڈ ہیلتھ سائنسز چنار روڈ مانسہرہ میں منعقد ہوگی اس تقریب کے مہمان خصوصی ممبر قومی اسمبلی شہزادہ محمد گشتاسپ خان ہوں ال پاکستان پینشنرز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا مانسہرہ کے نومنتخب صدر ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر شاد محمد خان سینئر نائب صدر ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹر محمد یوسف اور جنرل سیکرٹری قاضی محمد اشرف نو منتخب کابینہ کے ہمراہ حلف لیں گے پینشنرز ایسوسی ایشن مانسہرہ کے صدر شاد محمد خان نے کہا 60 سال کی عمر تک سرکاری ملازمین مختلف اداروں میں اپنی گراں قدر خدمات سر انجام دینے کے بعد ریٹائرمنٹ کے بعد ان کا بڑھاپے کا سہارا حکومت چھیننے کی کوششیں کر رہی ہے جس کے سامنے ہم لوہے کی دیوار بن کر کھڑے ہوں گے ہم حکومت سے مطالبہ کرتا چاہتے ہیں کہ وہ پنشن میں بھی خاطر خواہ اضافہ کرے

بقیہ 53

کے نتیجے میں 30 سالہ عبدالرحمن اور 45 سالہ گلنار زیب سکنہ امازئی زخمی ہوئے، دوسری جانب تھانہ سرائے صالح کی حدود موہڑہ علی خان میں ونڈر لینڈ پارک کے قریب گاڑی اور موٹر سائیکل کے تصادم میں 18 سالہ عبدالرحمن اور 17 سالہ فہد زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122 کی میڈیکل ٹیموں نے تمام زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹراما سینٹر منتقل کر دیا۔

ننیارا گجر قومی اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ جگوڑی کار حادثہ کے متاثہ شخص کو امدادی چیک دے رہے ہیں

این اے 15 مانسہرہ میں نئی سیاسی صف بندی کے امکانات

پی ٹی آئی کے اہم شخصیات سے رابطوں کی اطلاعات، نئے سیاسی گروپ کی تشکیل پر مشاورت جاری ہونے کا دعوی

راولپنڈی(خالد قریشی سے)این اے 15 مانسہرہ کی سیاست میں ایک بار پھر ڈرامائی تبدیلی کے امکانات ہیں، مسلم لیگ(ن) کے بعد پاکستان تحریک انصاف نے بھی اپنی سیاسی حکمت عملی تبدیل کرتے ہوئے مانسہرہ میں(بقیہ صفحہ 3نمبر 25)

جرائم پیشہ افراد کے خلاف قانونی کارروائیوں کا سلسلہ جاری رہے گا،اورنگزیب تنولی

پھلڑہ(نمائندہ شمال)جرائم پیشہ افراد کے خلاف بھرپور(بقیہ صفحہ 3نمبر 26)

کمشنر ہزارہ ڈویژن کی زیرصدارت انسدادِ پولیو کا اجلاس

انسداد پولیو مہم میں 7لاکھ 88ہزار 992بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف

ایبٹ آباد (سٹاف رپورٹر)کمشنر ہزارہ ڈویژن شاہد اللہ خان کی زیرصدارت ڈویژنل ٹاسک فورس برائے انسداد پولیو کا اہم اجلاس جمعرات کے(بقیہ صفحہ 3نمبر 24)

شنکیاری میں منی گاڑیوں اور مسافر گاڑیوں میں پریشر ہارن کی بھرمار

پریشر ہارنوں کے باعث لوگوں کی زندگی عذاب بن گئی، ڈرائیوروں کے خلاف کارروائی کا مطالبہ

شنکیاری(ڈپٹی بیورو چیف)شنکیاری میں منی گاڑیوں اور مسافر گاڑیوں میں پریشر ہارن کے باعث ٹرانسپورٹروں نے شہر میں پریشر ہارن بجانے شروع کررکھے ہیں پریشر ہارنوں کے باعث لوگوں کی زندگی عذاب بنارکھی ہے(بقیہ صفحہ 3نمبر 18)

پاکستان پوسٹ کی نجکاری کی جائے تاکہ سروس بہتر ہوسکے

مانسہرہ ڈب نمبرون برانچ پوسٹ آفس سے ضروری کاغذات یوایم ایس آٹھ دنوں میں بھی نہ پہنچ سکے

ڈھانگری بالا(نمائندہ شمال)پوسٹ آفس کی لاپرواہی یوایم ایس آٹھ دنوں میں بھی اسلام آباد نہ پہنچ سکا پاکستان پوسٹ کی نجات کی جائے تاکہ سروس بہتر ہوسکے مانسہرہ ڈب نمبرایک برانچ پوسٹ آفس سے ضروری کاغذات یوایم (بقیہ صفحہ 3نمبر 19)

الفاروق ویلفیئر کی جانب سے ویل چیئر وراشن تقسیم خوش آئند ہے

تاج ویلفیئر کے توسط سے تناول میں معذور افراد کی حوصلہ افزائی کے لئے ویل چیئر اور راشن تقسیم کیا گیا

پھلڑہ(نمائندہ شمال)تاج ویلفیئر کے توسط سے تناول میں معذور افراد کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے الفاروق ویلفیئر کی جانب سے ویل چیئر اور غرباء کو راشن کی تقسیم خوش آئند ہے تاج ویلفیئر کے آرگنائزر ماسٹر تاج محمد اور سردار نیاز(بقیہ صفحہ 3نمبر 20)

لنگرہ پل سے پابندی کے باوجود ہیوی لوڈ گاڑیوں کا گزر ہونے لگا

ایوب پل کے ساتھ ہیوی لوڈ گاڑیوں کا ہنگامی بنیادوں پر متبادل راستہ بنایا جائے، مطالبہ

حویلیاں(نامہ نگار)حویلیاں ایوب پل کا کام سست روی کا شکار متبادل راستہ نہ ہونے کی وجہ سے اور لنگرہ پل سے ہیوی لوڈ گاڑیوں کی پابندی کی وجہ ہیوی لوڈ گاڑیوں کے لیے مشکلات کا سامنا کئی مختلف مضافاتی راستوں سے داخل ہونے(بقیہ صفحہ 3نمبر 21)

ریڑھی بانوں کے مسائل کے حل کے لیے اہم ملاقات، ڈپٹی کمشنر ہری پور کی قابلِ عمل حل تلاش کرنے کی ہدایت

پٹرول مہنگا،عوام پریشان آخر قربانی صرف عوام ہی کیوں دیں؟

پیپلز پارٹی تناول کی رہنماں رئیسہ خان اور شہزادی خان کا حکومتی اخراجات و مراعات میں کمی کا مطالبہ

پھلڑہ(نمائندہ شمال)پٹرول مہنگا، عوام پریشان آخر قربانی صرف پاکستانی عوام ہی کیوں دیں پی پی پی تناول کی ممتاز رہنماء ایڈووکیٹ رئیسہ خان اور شہزادی خان پھلڑہ ٹھاہالہ نے کہا ہے کہ پٹرول اور ڈیزل کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ عام آدمی کی زندگی مزید مشکل بنا رہا ہے۔ پٹرول مہنگا ہوتا ہے تو صرف گاڑی کا خرچ نہیں بڑھتا بلکہ ٹرانسپورٹ،(بقیہ صفحہ 3نمبر 27)

حویلیاں پولیس کی کارروائی، 11سال سے مطلوب اشتہاری گرفتار

489-F کے مقدمہ میں مطلوب سردار سفیر کو گرفتار کرکے حوالات منتقل کردیا گیا

حویلیاں(نامہ نگار)ایس ایچ او تھانہ حویلیاں کیڈٹ عبدالغفور قریشی نے مہمِ مجرمان اشتہاری کے دوران کارروائی کرتے ہوئے 489-F پی پی سی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری ملزم سردار سفیر ولد یوسف سکنہ لنڈا بازار حویلیاں کو (بقیہ صفحہ 3نمبر 28)

محکمانہ امتحان میں سید توقیر شاہ کی ہزارہ ریجن میں پہلی پوزیشن

ایبٹ آباد(نمائندہ شمال)ایکسائز سب انسپکٹر سید توقیر شاہ نے محکمانہ پروموشن امتحان میں ہزارہ ریجن میں پہلی (بقیہ صفحہ 3نمبر29)



بالاکوٹ' ایس ایچ او اشعر مشتاق بینکوں کی سیکورٹی کا جائزہ لے رہے ہیں

ایبٹ آباد پولیس نے بیس چوری وگمشدہ موبائل فون برآمد کرلئے

موبائل فونز کی مجموعی مالیت لاکھوں روپے ہیں اصل مالکان کے حوالے کردیئے گئے

ایبٹ آباد(شمال نیوز)ایبٹ آباد پولیس کی بڑی کامیابی۔لاکھوں روپے مالیتی 20چوری وگمشدہ موبائل فون برآمد، اصل مالکان کے حوالے۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ہارون رشید خان کی زیرنگرانی ایبٹ آباد پولیس کی ٹیکنیکل برانچ نے جدید(بقیہ صفحہ 3نمبر 22)

یوتھ سمٹ کے نویں ایڈیشن کی ایک شاندار تقریب کا انعقاد

تقریب کے انعقاد کا مقصد نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا

ایبٹ آباد(نامہ نگار)کامسیٹس یونیورسٹی ایبٹ آباد کیمپس کے ہارون رشید آڈیٹوریم میں میٹرکس پاکستان یوتھ سمٹ کے نویں ایڈیشن کی ایک(بقیہ صفحہ 3نمبر 23)

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر مانسہرہ زاہد حسین جدون ہائی سکول منگلور کے طلبا کا جائزہ لے رہے ہیں

ڈی ای او فی میل ایبٹ آباد کی کھلی کچہری، مسائل سنے گئے

آن لائن موصول ہونے والی شکایات پر متعلقہ عملے کو فوری احکامات جاری

ایبٹ آباد(نامہ نگار)ڈی ای او(فی میل)ایبٹ آباد نے اپنے دفتر میں براہِ راست کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس کے دوران شہریوں کی جانب سے آن لائن پیش کیے گئے سوالات اور مسائل سنے گئے۔ڈی ای او نے مختلف شکایات کے فوری ازالے کے لیے متعلقہ عملے کو موقع پر ہی ضروری ہدایات جاری کیں۔(بقیہ صفحہ 3نمبر32)

صوبہ ہزارہ کے مطالبے پر ن لیگ کی پالیسی کیا ہے؟سوال پھر اٹھنے لگے

صوبوں کے قیام پر پاکستان مسلم لیگ ن کی خاموشی، سردار محمد یوسف کی سرگرمیاں سوال بن گئیں، پارٹی قیادت کے واضح موقف کا انتظار

شنکیاری(چیف رپورٹر)مانسہرہ: نئے صوبوں اور انتظامی یونٹس کے قیام کے معاملے پر مسلم لیگ ن کی اعلیٰ قیادت کی خاموشی اور اسی جماعت کی وفاقی کابینہ کے اہم رکن و وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف کی جانب سے اس معاملے پر مسلسل سرگرمی نے سیاسی حلقوں میں کئی سوالات کو جنم دے دیا ہے۔سیاسی حلقوں کا کہنا ہے کہ اگر نئے صوبوں کے قیام اور خصوصاً صوبہ ہزارہ کے مطالبے پر سردار محمد یوسف اپنی جماعت کے منشور اور پالیسی کے مطابق بات کر رہے ہیں تو پھر مسلم لیگ ن کی مرکزی قیادت (بقیہ صفحہ 3نمبر 31)

ریڑھی بانوں کے مسائل کے حل کیلئے کمیٹی تشکیل دینے کی ہدایت

تجاوزات کی روک تھام کے ساتھ محنت کشوں کے روزگار کا تحفظ یقینی بنانے پر اتفاق

ہری پور(نامہ نگار)ہری پور کے ریڑھی بانوں کے وفد نے ڈپٹی کمشنر اصلاح الدین سے ملاقات کی، جس میں ریڑھی بانوں کو درپیش مسائل، تجاوزات اور روزگار کے تحفظ سے متعلق امور پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ وفد نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ شہر میں تجاوزات کی روک تھام کے ساتھ ریڑھی بانوں کے واحد ذریعہ معاش کو بھی تحفظ فراہم کیا جائے۔ڈپٹی کمشنر نے وفد کے مسائل سننے کے بعد متعلقہ حکام کو ہدایت کی(بقیہ صفحہ 3نمبر 30)

ایس پی ہیڈ کوارٹر ملک سلیمان برآمد شدہ موبائل مالک کے حوالے کر رہے ہیں

واسا ایبٹ آباد اور پیراگان اوورسیز ایجوکیشن کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

ایبٹ آباد:ایس ایس پی سی کامسیٹس کے انچارج غیاث الدین شاہ ڈی پی او ہارون الرشید کو شیلڈ دے رہے ہیں

ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر شہزاد اقبال ریڈیو پاکستان کے پروگرام میں گفتگو کر رہے ہیں

تھانہ جات کو سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن جاری رکھنے کی ہدایت

ڈی ایس پی سرکل اوگی وپھلڑہ سید تصویر حسین شاہ کی تھانہ پھلڑہ اورلساں نواب کو ہدایت

پھلڑہ(نمائندہ شمال)ڈی ایس پی سید تصویر حسین شاہ کی جانب سے چار تھانہ جات کو سرچ اینڈ سٹرائیک آپریشن جاری رکھنے کی ہدایات دی گئیں گزشتہ روز ڈی ایس پی سرکل اوگی و سرکل پھلڑہ سید تصویر حسین شاہ نے ڈی پی او مانسہرہ کی جانب(بقیہ صفحہ 3نمبر33)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف کا ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کا دورہ

صفائی ستھرائی، طبی سہولیات، خوراک اور دیگر انتظامات کا تفصیلی جائزہ

ایبٹ آباد(ہینڈ آؤٹ)ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف اینڈ ہیومن رائٹس ایبٹ آباد امان اللہ سعید نے کمیٹی ممبران کے ہمراہ ڈسٹرکٹ جیل ایبٹ آباد کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے قیدیوں کی رہائش، صفائی ستھرائی، طبی سہولیات، خوراک(بقیہ صفحہ 3نمبر 34)

ایبٹ آباد' 21 ستمبر سے انسدادِ پولیو مہم شروع ہوگی

دولاکھ 17ہزار سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف، 1673ٹیمیں گھر گھر پہنچیں گی

ایبٹ آباد(ہینڈ آؤٹ)پختونخوا ریڈیو ایبٹ آباد نے جمعرات کے روز انسداد پولیو مہم اور بچوں کی موسمی بیماریوں سے حفاظت سے متعلق خصوصی ریڈیو پروگرام کا انعقاد کیا جس میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ایبٹ آباد ڈاکٹر شہزاد اقبال نے شرکت(بقیہ صفحہ 3نمبر 35)

کوہستان کرپشن اسکینڈل میں ناصرالدین بابر کی ضمانت منظور

وکیل صفائی نے نیب کے الزامات مسترد کرتے ہوئے اپنے موکل کے حق میں دلائل دیئے

راولپنڈی(نمائندہ خصوصی)پشاور ہائی کورٹ نے کوہستان کرپشن اسکینڈل میں گرفتار اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے سرکل افسر ناصرالدین بابر کی ضمانت منظور کرتے ہوئے رہائی کا حکم دے دیا۔جسٹس سید ارشد علی اور جسٹس بابر ستار پر مشتمل دو (بقیہ صفحہ 3نمبر 36)

ڈپٹی کمشنر مانسہرہ جناب خالد اقبال کی زیر صدارت ضلع مانسہرہ میں ایم ڈی کیٹ ٹیسٹ کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا

رتبہ شہادت خوش نصیبوں کو ملتا ہے، راشد کی شہادت قابل فخر ہے

وحید انجم خان کی پھلڑہ ٹھاہالہ میں محمد راشد شہید کے والد سے تعزیت، درجات کی بلندی کے لئے دعا

پھلڑہ(نمائندہ شمال) رتبہ شہادت خوش نصیبوں کو ملتا ہے راشد شہید کی شہادت قابل فخر ہے بانی تحصیل تناول وحید انجم خان نے پھلڑہ ٹھاہالہ میں محمد راشد شہید کے والد سے تعزیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موت برحق ہے اور جو موت(بقیہ صفحہ 3نمبر 37)

ایمرجنسی کا ادارہ 1122 گیارہ دنوں سے بغیر سربراہ کے چلنے لگا

سابقہ ڈی جی ریسکیو 1122 شاہ فہد 5ہفتوں کیلئے ٹریننگ کے سلسلے میں بیرون ملک گئے ہوئے ہیں

راولپنڈی(نمائندہ خصوصی)قدرتی آفات، حادثات اور ہنگامی صورتحال میں امدادی خدمات فراہم کرنے والا ادارہ ریسکیو 1122 خیبر پختونخوا گزشتہ 11روز سے ڈائریکٹر جنرل کے بغیر کام کر رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق سابق ڈی(بقیہ صفحہ 3نمبر 38)


راولپنڈی اسلام آباد بیورو جرنلسٹس ایسوسی ایشن (RIBJA) کا اجلاس کے بعد گروپ فوٹو

ننیارا گجر قومی اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ نے متاثرہ شخص کی امداد کردی

جگوڑی حادثہ میں تباہ ہونے گاڑی مالک کو لاکھوں روپے مالیت کا چیک دے دیا گیا

کوٹلی ویلی(بیورو چیف)ننیارا گجر قومی اتحاد ویلفیئر ٹرسٹ نے جگوڑی حادثہ میں تباہ ہونے گاڑی مالک سردار عبدالرزاق کو لاکھوں روپے مالیت تعاون کا چیک ادا کر دیا۔اس حوالے سے آج جگوڑی کی پٹی میں باقاعدہ ایک تقریب منعقد ہوئی (بقیہ صفحہ 3نمبر 50)

گنجان ترین علاقہ قلندر آباد میں آوارہ بیمار کتوں کی بھرمار

ایبٹ آباد(نامہ نگار)ایبٹ آباد کے گنجان ترین علاقہ قلندر آباد میں آوارہ بیمار کتوں کی بھرمار سکول جاتے (بقیہ صفحہ 3نمبر 51)

مانسہرہ کیمسٹ ایسوسی ایشن کا تنظیمی تنازع عدالت پہنچ گیا

مبینہ بوگس کابینہ کے خلاف سیشن کورٹ میں رٹ دائر، سماعت 30 ستمبر کو مقرر

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)مانسہرہ کیمسٹ اینڈ ڈرگسٹ ایسوسی ایشن کی بوگس کابینہ کے خلاف سیشن کورٹ میں رٹ دائر، سماعت 30 ستمبر کو ہوگی، تفصیلات کے مطابق مانسہرہ کیمسٹ ایسوسی ایشن کی مبینہ بوگس کابینہ کے حوالے سے پاکستان کیمسٹ(بقیہ صفحہ 3نمبر 39)

پہائی میں جشنِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کی روح پرور محفل کا انعقاد

علما و مشائخ، نعت خواں حضرات اور عاشقانِ رسول ﷺ کی بھرپور شرکت

تربیلا غازی(نامہ نگار)پہائی میں جشنِ میلادِ مصطفیٰ ﷺ کی روح پرور محفل،علما و مشائخ، نعت خواں حضرات اور عاشقانِ رسول ﷺ کی بھرپور شرکت،(بقیہ صفحہ 3نمبر 48)

مانسہرہ،پی پی پی ڈویژنل صدر ملک فاروق تنولی علیل ہوگئے

مانسہرہ(نیوز رپورٹر)پی پی پی ڈویژنل صدر ملک فاروق تنولی (بقیہ صفحہ 3نمبر49)

تربیلا روڈ اور موہڑہ علی خان میں دو ٹریفک حادثات میں چار زخمی

تمام زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ٹراما سینٹر منتقل کردیا گیا

ہری پور(نیوز رپورٹر)ہری پور میں تربیلا روڈ اور موہڑہ علی خان میں پیش آنے والے دو مختلف ٹریفک حادثات میں 4افراد زخمی ہوگئے، ریسکیو 1122 کے مطابق تربیلا روڈ پر مویشی منڈی کے قریب موٹر سائیکل راہگیر سے ٹکرا گیا جس(بقیہ صفحہ 3نمبر 53)

پینشنرز ایسوسی ایشن عہدیداران کی تقریب حلف برداری 20 ستمبر کو ہوگی

پکھل(ڈاکٹر اعجاز احمد اعوان سے)آل پاکستان پینشنرز ایسوسی ایشن خیبر پختونخوا ضلع مانسہرہ کی نو منتخب(بقیہ صفحہ 3نمبر 52)

سوشل میڈیا پر سکول سے متعلق فیک نیوز پر دبنگ فوری ایکشن

ایس ایچ او نے خود موقع کا وزٹ کیا، ایسی کوئی شکایت موجود نہیں، حقیقت سامنے آ گئی

ہری پور(ڈپٹی بیورو)سوشل میڈیا پر کوٹ نجیب اللہ گرلز سکول کے قریب آوارہ لڑکوں کی موجودگی اور من گھڑت افواہوں کے وائرل ہوتے ہی ایس(بقیہ صفحہ 3نمبر 46)

حویلیاں شہر میں آوارہ کتوں کا راج، شہریوں کی پریشانی میں اضافہ

حویلیاں(نمائندہ شمال)حویلیاں شہر میں آوارہ کتوں کا راج(بقیہ صفحہ 3نمبر47)

ڈھوڈیال ارغوشال میں ڈسٹرکٹ بورڈ کی سڑک پر تجاوزات کا جائزہ لیا گیا

موقع کی رپورٹ موصول ہونے کے بعد ضروری کارروائی عمل میں لائی جائے گی

مانسہرہ(چیف رپورٹر)ڈپٹی کمشنر مانسہرہ کی ہدایات پر اسسٹنٹ کمشنر بفہ پکھل نے نائب تحصیلدار بفہ، ٹی ایم اے پٹواری اور محکمہ مال کے دیگر اہلکاروں کے ہمراہ مواضعات بانڈہ پیراں اور ڈھوڈیال ارغوشال میں ڈسٹرکٹ بورڈ کی سڑک پر(بقیہ صفحہ 3نمبر 40)

سپریم کورٹ کے وکلا کی فلاح و بہبود کو یقینی بنائیں گے، امجد شاہ

وکلا کو ہاؤسنگ سکیم میں گھروں کی تعمیر کے لئے قرض کی سہولت بھی دی جائے گی

ایبٹ آباد(نمائندہ خصوصی)پاکستان بار کونسل انڈیپنڈنٹ عاصمہ جہانگیر گروپ صدر کے امیدوار سید امجد شاہ نے کہا ہے کہ بار کونسل نے آئین کی بالادستی کے لئے تمام آئینی اداروں کو اپنی حدود میں رہنے کے لئے ہمیشہ آواز بلند کی۔سپریم کورٹ کے وکلا کی فلاح و بہبود کے لئے ہاؤسنگ فلیٹس، ہیلتھ انشورنس یقینی بنائیں(بقیہ صفحہ 3نمبر 41)

حویلیاں' صوبائی جنرل سیکرٹری پاکستان مسلم لیگ ن سابق وفاقی وزیر شمولیتی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تربیلا غازی مولانا حافظ آصف آمین محفل میلاد کے شرکا سے خطاب کر رہے ہیں

گاؤں سموالہ میں مسائل حل کے لئے خصوصی پروگرام کا انعقاد

یہ پروگرام این ڈی ایف آور حویلیاں میڈیا گروپ کے تعاون سے ہوا علاقائی مسائل اجاگر کیے گئے

حویلیاں(نامہ نگار)وادی نیلاں کے گاؤں سموالہ میں این ڈی ایف آور حویلیاں میڈیا گروپ کے تعاون سے مسائل کو حل کرنے کے لئے خصوصی پروگرام منعقد کیا گیا جس میں این ڈی ایف کے چیئرمین سابق ناظم سردار ارشد رحمان سابقہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 42)

کسی بھی جماعت کی طاقت اس کے ورکرز ہوتے ہیں، ملک محبت اعوان

مسلم لیگ(ن) نے ہمیشہ ملک وقوم کو مسائل سے نکال کر صحیح سمت پر گامزن کیا ہے

ایبٹ آباد(نامہ نگار)پاکستان مسلم لیگ (ن) کے ضلعی صدر سابق امیدوار قومی اسمبلی ملک محبت اعوان نے کہا ہے کہ کسی بھی جماعت کی طاقت اس کے ورکرز ہوتے ہیں ورکروں کو عزت دیتے ہوئے ان کا خیال رکھا جائے تو کوئی وجہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 43)

ملک میں بلاامتیاز احتساب انتہائی ضروری ہے، صلاح الدین خان

قومی خزانے کو نقصان دینے والوں کے خلاف کارروائی اور ٹیکس نظام میں اصلاحات کا مطالبہ

بجنہ(نامہ نگار)پاکستان کو بحرانوں میں ڈالنے والوں کا احتساب کر کے ہی مشکل وقت سے نکالا جا سکتا ہے۔یہ بات سینئر رہنما مسلم لیگ ن ایڈووکیٹ صلاح الدین خان نے گزشتہ روز نوجوانوں کے ایک وفد سے ملاقات کے بعد شمال کو بتائی۔(بقیہ صفحہ 3نمبر 44)

حویلیاں کے نوجوانوں میں باسکٹ بال کا بڑھتا شوق خوش آئند ہے

مقامی ٹیلنٹ کی سرپرستی اور فروغ کیلئے ہرممکن کردار ادا کریں گے، سردار اکثر خان و ذوالقرنین حیدر

حویلیاں(نمائندہ شمال)تحصیل حویلیاں کے نوجوانوں میں باسکٹ بال کا شوق خوشگوار تبدیلی کا مظہر ہے، کرکٹ فٹبال کے ساتھ نوجوان باسکٹ بال کے فروغ میں کردار ادا کریں، نوجوانوں کی سرپرستی اور صحت مندانہ(بقیہ صفحہ 3نمبر 45)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریلیف اسد محمود لودھی کی زیرِ صدارت ضلع بھر کے سرکاری و نجی صحت مراکز کے سیفٹی آڈٹ کے حوالے سے اجلاس، متعلقہ افسران اور نمائندگان شریک ہیں

ایس ایچ او خالد خان نے سکول ٹائم آوارہ لڑکوں کے لیے خود کمان سنبھال لی

دارالعلوم اسلامیہ رحمانیہ کے ناظم علامہ شمس الرحمان مدنی اور مدرسین کا قاری عبد الخالق اعوان کو عمرہ کی ادائیگی پر مبارکباد دینے کے بعد گروپ فوٹو

پھلڑہ بانی تحصیل تناول وحید انجم خان پھلڑہ کے مقام پر اظہار خیال کر رہے ہیں